چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملت کالج بھوآنہ میں کلچر ڈے کی شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اساتذہ اور طلباء کی بڑی تعداد نے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔ تقریب میں روایتی ثقافتی رنگ نمایاں رہے، جہاں مختلف ثقافتوں کی جھلک پیش کرتے کھانوں کے اسٹالز نے حاضرین کی توجہ حاصل کی۔ اس موقع پر پرنسپل ملت کالج بھوآنہ، میڈم رضیہ سلطانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ کالج خواتین کی معیاری تعلیم کے لیے علاقے کا ایک بہترین ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے نے خواتین کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے دور دراز کا سفر کرنے کی ضرورت سے آزاد کر دیا ہے، جو ان کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پچھلے دس سال سے وہ خواتین کی تعلیم کے کوشاں ہیں۔ میڈم رضیہ سلطانہ کا مزید کہنا تھا کہ ملت کالج نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کر رہا ہے بلکہ ہر سال ضلع چنیوٹ اور تحصیل بھوآنہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے اپنی کامیابیوں کا لوہا بھی منوا رہا ہے۔ کلچر ڈے کی یہ تقریب خواتین کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ثقافتی ورثے کو فروغ دینے کی عمدہ مثال ہے۔ ثقافتی پروگرام کے آخر پر بورڈ ڈیونیورسٹی ضلع تحصیل اور کالج میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں ٹرافیاں اور انعامات تقسیم کئے گئے۔

تو ہین صحابہ کے واقعات کثرت سے رونما ہو رہے ہیں: تحریک لبیک

تحریک لبیک نے ہمیشہ بھرپور انداز میں نہ صرف مذمت کی ہے بلکہ گستاخان کو قرار واقعی سزا دلانے کیلئے بھی جدوجہد کی ہے



فیصل آباد (میاں محمد ساجد سے) توہین صحابہ کے واقعات کثرت سے رونما ہو رہے ہیں تحریک لبیک نے ہمیشہ بھرپور انداز میں نہ صرف مذمت کی ہے بلکہ گستاخان کو قرار واقعی سزا دلانے کیلئے بھی جدوجہد کی ہے فیصل آباد میں خلفیہ ثلاثہ کی توہین کا افسوسناک واقعہ رونما ہوا جس کی ریکارڈنگ گواہان اور مکمل ثبوت موجود ہیں پولیس نے موقع پر گستاخ صحابہ کو گرفتار بھی کیا ہے لیکن ہمیشہ سے چند مخصوص قوتیں ایسے عناصر کو بچانے کیلئے سرگرم ہو جاتی ہیں اور عدالتوں میں ذہنی توازن کی خرابی و دیگر بہانے بنا کر سزاؤں سے بچا لیا جاتا ہے۔ جس سے ایسے واقعات کرنے والوں کو تقویت ملتی ہے، ہم پولیس اور عدلیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کیس کو ایک مثال بنایا جائے تاکہ مستقبل میں کوئی بھی ایسی جرات نہ کر سکے تحریک لبیک پاکستان کے ملک بھر میں جو کارکنان بلا جواز گرفتار کیے گئے ہیں ہم ان کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور چادر چار دیواری کا تقدس پامال نہ کیا جائے ہم پر امن لوگ ہیں اور قانون کی پاسداری کرتے ہیں تحریک لبیک پاکستان نے ہمیشہ سے تحفظ ختم نبوت وناموس رسالت کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے اور ہماری اس ضمن میں جدوجہد کی ایک طویل تاریخ موجود ہے ہم اس مشن پر عمل پیرا رہینگے ان کا مزید کہنا تھا کہ وطن عزیز کسی بھی انتشار و بدامنی کا محل نہیں ہو سکتا اس لیے عوام کو چاہیے کہ یکجہتی کا مظاہرہ کریں کیونکہ جب تک عوام اور پاکستان کے تمام ادارے ملکی آئین وقانون کی پاسداری نہیں کرینگے ملک میں معاشی وسیاسی استحکام نہیں آسکتا

نامزد ایم پی اے پاکستان تحریک انصاف میڈم اقصیٰ حیات لالی کو مبارکباد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نامزد ایم پی اے پاکستان تحریک انصاف میڈم اقصیٰ حیات لالی، ڈسٹرکٹ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی کاظم نذیر عاطف، ٹکٹ ہولڈر این اے 94 حاجی مہر خالد آرائیں، ریجنل وائس صدر یوتھ ونگ مہر زاہد نواز، میاں محسن نیکوکارہ سمیت دیگر اہم شخصیات نے ضلع چنیوٹ کی نامور کاروباری وسیاسی شخصیت ملک علی رضا ایڈووکیٹ کو ریجنل فیصل آباد میں علی ٹیلی کام زونگ فرنچائز سرگودھا روڈ نزد لاڑی اڈا والی برانچ کو بہترین کارکردگی پر نمبر 1 کا ایوارڈ زونگ کمپنی کی طرف سے ملنے پر مبارکباد دی ہے اور نیک تمناؤں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

موسیٰ کاظم علیہ السلام کا یوم شہادت عقیدت واحترام سے منایا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حضرت سیدنا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا یوم شہادت ملک بھر کی طرح ضلع حافظ آباد میں بھی انتہائی عقیدت سے منایا گیا امام بارگاہوں میں شہادت حضرت سیدنا امام موسیٰ کاظمؑ کے سلسلے میں مجالس عزاء کا اہتمام کیا گیا۔ علماء کرام و ذاکرین عظام نے مجالس عزاء سے خطاب کرتے ہوئے آپؑ کے فضائل ومناقب بیان کئے۔ اور آپؑ کی مظلومانہ شہادت اور پاکیزہ سیرت وکردار پر مفصل روشنی ڈالی۔

بجلی بند رہے گی

گمبیر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) بجلی بند رہے گی آج مورخہ 23 جنوری 2025 بروز سوموار سب ڈویژن قادر آباد۔ قادر آباد گرید اسٹیشن سے حافظ دائم فیڈر بجلی صبح آٹھ بجے سے شام چار بجے تک بند رہے گی تمام اہل علاقہ نوٹ کر لیں تکلیف کے لیے معذرت خواہ ہیں ان خیالات کا اظہار ایس ڈی او سب ڈویژن قادر آباد لائن سپریٹنڈنٹ حافظ دائم نے کیا۔

''نصب العین ہمارا'' کا جذبہ لیے سب انسپیکٹر ملک فرمان نے ایمانداری کی مثال قائم کر دی

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نصب العین ہمارا کا جذبہ لیے ضلع حافظ آباد کے رہائشی سب انسپیکٹر ملک فرمان جو کہ موٹروے ایم ٹو لاہور اسلام آباد پولیس میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں نے ایمانداری کی اعلیٰ مثال قائم کر دی ملک فرمان کو اطلاع ملی کہ دوران سفر موٹروے ریسٹ ایریا پر رکنے والا مسافر اپنا قیمتی بٹوا جس میں ایک لاکھ پچھتر ہزار روپے نقدی اور ضروری چیزیں تھیں ریسٹ ایریا پر بھول گیا ملک فرمان نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مسافر کا پرس تلاش کر کے بحفاظت مالک کے حوالے کر دیا جس پر مسافر نے موٹروے پولس کے ڈیوٹی آفیسر ملک فرمان کا شکریہ ادا کیا اور موٹروے پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

معروف سیاسی اور سماجی شخصیت چوہدری عبدالوحاب کو عمرہ کی سعادت پر مبارکباد



معروف سیاسی اور سماجی شخصیت چوہدری عبدالوحاب کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر سینئر صحافی امیر احمد خان اور صدر پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ چوہدری حاجی محمد اعجاز، صدر پاکستان میڈیا پریس کلب عارفوالا راؤ محمد کامران خاں، سینئر صحافی نیاز احمد جٹ اور دیگر دوست احباب نے پھولوں کی مالائیں پہنا کر مبارکبادی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

عارفوالا (تحصیل کرائم رپورٹر امیر احمد خان سے) عارفوالا ترکھنی روڈ نواباں والا اڈا کے اور

ڈی پی او سیالکوٹ سے قوت ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید کی ملاقات

صحافیوں اور پولیس کی کوآرڈینیشن ضروری ہے۔ ڈی پی او فیصل شہزاد



سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈی پی او سیالکوٹ سے قوت ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید کی ملاقات۔ صحافیوں اور پولیس کی کوآرڈینیشن ضروری ہے۔ ڈی پی او فیصل شہزاد۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی سیالکوٹ پریس کلب کے صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کا انعقاد پولیس لائنز کانفرنس روم میں ہوا۔ خصوصی تعارفی میٹنگ کے دوران ڈی پی او فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ صحافی معاشرے کی آنکھیں اور کان ہیں اور میں ایکو یقین دہانی کراتا ہوں کہ ضلع سیالکوٹ سے جرائم کی بیخ کنی کے لئے اور معاشرے سے قانون شکن و نقص امن کیلئے خطرہ بننے والے عناصر کیخلاف بھرپور کاروائیاں عمل میں لائے گی۔ اس کیلئے سیالکوٹ پولیس کی صحافیوں کے ساتھ کوارڈینیشن کے ساتھ سیالکوٹ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے صحافیوں سے معاشرتی سدھار کیلئے تجاویز بھی لیں اور کہا کہ مثبت طرز عمل کی گرین جرنلزم شہریوں کی جان و مال یقینی بنانے میں پولیس کی معاون ثابت ہوتی ہے۔

پاک فوج اور عوام کا رشتہ محافظ اور محفوظ سے بھی بالاتر ہے

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) پاک فوج اور عوام کا رشتہ محافظ اور محفوظ سے بھی بالاتر ہے پاک فوج اور عوام کا رشتہ ایک گہرے سمندر کی مانند ہے جو اپنی وسعت میں بے مثال اور اپنی گہرائی میں ناقابل تصور ہے یہ رشتہ صرف محافظ اور محفوظ کے درمیان نہیں بلکہ دلوں کی دھڑکن اور قومی عزم کی علامت ہے پاک فوج کے جوان اپنے خون پسینے سے اس دھرتی کی مٹی کو سیراب کرتے ہیں انکی قربانیاں ہمیں یہ یاد دلاتی ہیں کہ وہ نہ صرف سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں بلکہ ہماری خوشیوں، آزادی اور خوابوں کی بھی حفاظت کرتے ہیں انکی موجودگی ہمیں یقین دلاتی ہے کہ ہم ہر مشکل میں مقابلہ کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار ریاض احمد شاد ضلعی صدر ایکس سروس مین وکلفیر سوسائٹی ضلع پاکپتن نے ڈیفینڈر آف پاکستان ساہیوال ڈویژن کے اجلاس میں کیا انہوں نے کہا کہ عوام کا اپنے جوانوں کے ساتھ محبتکا رشتہ ایک داستان کی مانند ہے یہ امن ازلی محبت ہی کا نتیجہ ہے کہ قدرتی آفات ہوں یا موسم کی سختیاں، سیلاب کی تباہ کاریاں ہوں یا زلزلہ کی شدید لہریں پاک فوج اپنی قوم کیساتھ شانہ بشانہ کھڑی رہتی ہے موجودہ حالات میں چند مخصوص افراد کے خلنشار اور خوارج کا ناپاک منصوبوں کو ملیا میٹ کرنے کیلئے قوم کو افواج پاکستان کا ہر پلیٹ فارم پر بھرپور جواب دینا ہوگا تاکہ ملک پاکستان مکمل طور پر امن کا گہوارہ بن سکے۔

خادر انور خواجہ نے سمارٹ ویلیج کالج بیداری کا میاب ٹرینیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خادر انور خواجہ نے سمارٹ ویلیج کالج بیداری کا میاب ٹرینیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔ بیداری سیالکوٹ کی سوشل سیکٹر خدمات گرانقدر ہیں۔ سابق صدر سیالکوٹ چیمبر۔ بیداری کیجانب سے روڈس میں قائم سمارٹ ویلج کالج میں منعقدہ سادہ مگر پروقار تقریب تقسیم اسناد ہوئی تقریب میں سیالکوٹ کے مایہ ناز بزنس ٹائیکون خادر انور خواجہ سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے سی ایس آ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی کا اصولی اور جرات مندانہ موقف

چیئرمین سینٹ مخدوم یوسف رضا گیلانی نے پی ٹی آئی سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈرز پر عمل درآمد ہونے تک سینٹ کے اجلاس کی صدارت سے انکار کر دیا۔ انہوں نے اعجاز چوہدری کو جیل سے لانے کے پروڈکشن آرڈرز دیئے ہوئے ہیں مگر جیل انتظامیہ اس پر عمل درآمد نہیں کر رہی، جس پر چیئرمین سینٹ نے گذشتہ روز احتجاجا سینٹ کیا جلاس کی صدارت نہیں کی۔ سپیکر اور چیئرمین سینٹ کی رولنگ اور آرڈرز قانونی حیثیت کے حامل اور حتمی ہوتے ہیں۔ حکومت ہی ان پر عمل نہیں کرتی تو یہ اس کے لیے کسی نیک نامی کا باعث نہیں ہوسکتا۔ سید یوسف رضا گیلانی ماضی میں بھی کئی مرتبہ اسی طرح کے جرات مندانہ اقدامات کر چکے ہیں۔ 90 کی دہائی میں مسلم لیگ نون اور پیپلز پارٹی کے درمیان اختلافات ذاتیات کی حد تک چلے گئے تھے۔ یوسف رضا گیلانی سپیکر قومی اسمبلی تھے۔ اپنی کتاب چاہ یوسف سے صدا میں وہ لکھتے ہیں کہ مسلم لیگ نون کے اسیر ارکان قومی اسمبلی شیخ رشید احمد، شیخ طاہر رشید اور حاجی بوٹا کے پیپلز پارٹی کے وزرا کے مشورے کے بعد پروڈکشن آرڈرز جاری کیے گئے۔ بعد میں پارٹی نے انہیں پروڈکشن آرڈرز واپس لینے پر اصرار کیا۔ حتی کہ وزیراعظم بے نظیر بھٹو نے بھی ان آرڈرز کی واپسی کے لیے کہا۔ اس پر ان کی طرف سے انکار کرتے ہوئے کہا گیا کہ وہ پروڈکشن آرڈرز واپس لینے کے بجائے سپیکر کے عہدے سے استعفی دینا پسند کریں گے۔ ہمارے ہاں انسانیت کے لیے کام کرنے اور آئین پر عمل کرنے کو بھی کبھی کبھار جرم سمجھ لیا جاتا ہے۔ یوسف رضا گیلانی کو قید کی سزا اس بنا پر سنا دی گئی کہ انہوں نے کئی لوگوں کو اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے ملازمتیں دی تھیں۔ ان کو سپریم کورٹ کے پانچ رکنی بینچ کی طرف سے اس وقت نا اہل قرار دے دیا گیا جب انہوں نے بطور وزیراعظم سوئس حکام کو خط لکھنے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ ایسا کرنا آئین کے خلاف ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق ان کو وزارت عظمی سے بھی الگ ہونا پڑا تھا۔ اس میں کسی کو سرِ مو اختلاف نہیں ہے کہ پاکستان میں صرف آئین ہی سپریم ہے۔ اسی لیے یوسف رضا گیلانی نے اس وقت کی سپریم کورٹ کا غیر آئینی حکم ماننے کی بجائے آئین پر عمل کرنے کو ترجیح دی تھی۔ یہ ان کا جرات مندانہ اور درست اقدام تھا۔ جس کو اسی سپریم کورٹ کی طرف سے ایک دہائی کے بعد جسٹیفائی کرتے ہوئے ان کی نااہلیت کو ختم کر دیا گیا۔ مگر اس وقت تک جو نقصان ہونا تھا وہ ہو چکا تھا۔ آج چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی نے سینیٹر چودھری اعجاز احمد کے جو پروڈکشن آرڈر جاری کیے ہیں وہ آئین اور قانون کے مطابق ہیں۔ حکومت ان پر عمل کر دیتی تو چیئرمین سینٹ کو اجلاس کی صدارت سے انکار تک نہ جانا پڑتا۔ اب بھی حکومت معاملات سمیٹنے کی کوشش کرے۔ یوسف رضا گیلانی کے ماضی کا درخشاں ریکارڈ یہی بتاتا ہے کہ ان کو اصولوں کے مقابلے میں عہدوں کی کبھی پروا نہیں رہی۔ حکومت چیئرمین سینٹ کے جاری کردہ پروڈکشن آرڈرز کی خوشدلی سے تعمیل کر کے اپنا قد بھی اونچا کر سکتی ہے۔

سیر وافی الارض

جناب ملک اللہ بخش کلیار جیسے مذہبی سکالر جو ممبر اسلامی نظریاتی کونسل حکومت پاکستان کا اعزاز بھی رکھتے ہیں اور پوری زندگی حجاز مقدس کو اپنا مسکن بنانے والے یہ نامور مصنف اور مذہبی سکالر بیشمار دینی کتب کے مصنف ہیں ۔ دین، تاریخ، اور اسلامی معلومات کے حوالے سے ان کی علمی، ادبی، استعداد قابل ستائش ہے ۔ان کے آرٹیکل اور تحاریر تسلسل سے پاکستان بھر کے اخبارات اور رسائل میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ریڈیو پاکستان اور پاکستان ٹی وی اور بہت سے نجی چینلز پر آپ کے مذہبی اور دینی پروگرام بھی ٹیلی کاسٹ ہوتے رہتے ہیں ۔انہیں بیشمار دینی اور مذہبی خدمات پر انٹرنیشنل اور نیشنل سطح پر لاتعداد تمغہ جات ،اسناد اور اعزازت سے نوازہ جا چکا ہے۔ ان کی علمی، دینی ادبی ،ثقافتی تحریری ، تقریری خدمات کی ایک بڑی طویل فہرست ہے جن کی باعث وہ پوری دنیا اور پاکستان بھر میں بہاولپور کی شناخت بن چکے ہیں۔ ان کے سفرنامے "سیروافیالارض " کا مطالعہ میرے لیے ایک بڑا دلچسپ اور دینی ،مذہبی، روحانی لحاظ سے معلوماتی تجربہ اور مشاہدہ ثابت ہوا ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ اس سفرنامے کا مطالعہ میرے لیے کسی بڑے اعزاز سے کم نہیں ہے تو یہ کہنا بھی درست ہوگا ۔کیونکہ بہت کم سفرنامے ایسے ہوتے ہیں جو سیر وسیاحت کی دلچسپی کے ساتھ ساتھ مذہبی اور دینی معلومات اور تاریخ بھی اپنے اندر سموے ہوتے ہیں ۔مذہبی اور دینی سفر نامہ ایک مخصوص صنف ادب ہے جو سفر کے دوران پیش آنے والے روحانی تجربات، مذہبی مقامات کی زیارت اور دینی تعلیمات اور تاریخ کے ایک ساتھ بیان پر مبنی ہوتا ہے۔ مذہبی ،دینی اور ایک عام سیر وسیاحت کے سفرنامے میں بنیادی فرق ان کا موضوع، انداز بیان اور مقصد کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ عام سفرنامہ کسی بھی قسم کے سفر کی روداد پیش کرتا ہے جو سیاحت ،تفریح یا کسی خاص مقام کے ثقافتی ،تاریخی اور جغرافیائی پہلوں کا احاطہ کر سکتا ہے ۔عام سفرنامے کا انداز بیان عموما "ہلکا پھلکا، مزاحیہ اور دلچسپ ہوتا ہے اس میں سفر کی مہمات، خوبصورت مقامات لوگوں کی ثقافت کھانے اور زندگی پر نظر ڈالی جاتی ہے اور قاری کو سیاحت اور علاقائی اور قدرتی مناظر کی خوبصورتی کی دریافت کا شوق پیدا کرنا ہوتا ہے ۔جبکہ مذہبی اور دینی سفر نامہ کا مقصد قاری کو مذہبی تجربات ،روحانی احساسات اور مقدس مقامات کی اہمیت سے آگاہی دینا ہوتا ہے اس لیے مذہبی سفرنامے کے لیے الفاظ کی سنجیدگی درکار ہوتی ہے اور ادب کے تمام تر تقاضوں پر بھی پورا اترنا ہوتا ہے ۔یہ سفرنامہ اکثر دینی تعلیم ،عبادات اور روحانیت پر زور دیتا ہے۔ یہ اپنے انداز بیان عموما "عقیدت سے بھرپور اور دینی جذباتیت کا مظہر ہوتا ہے۔ یہ سفرنامہ زیادہ تر ذاتی اور روحانی تجربات پر مبنی ہوتا ہے مثلا " ایمان کی تجدید، روحانی سکون یا مقدس مقامات سے قلبی تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔ حج یا عمرہ کے دوران مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مقامات اور دیگر مقامات مقدسہ کا ذکر اور روحانی تجربہ بھی شامل ہوتا ہے۔ یہ فرق مذہبی اور عام سفرنامے کو نہ صرف موضوع کے لحاظ سے بلکہ قاری کے تجربے اور دلچسپی کے لحاظ سے بھی مختلف بنا دیتا ہے۔ سفرنامے کو زبان و بیان کی سادگی اور دلکش اسلوب تحریر سے مزین کرنا ہی مصنف کی مہارت ہوتی ہے ۔یہ تمام تر خصوصیات کلیار صاحب کے اس سفرنامے کو مزید خوبصورت بنا رہی ہیں۔ کہتے ہیں کہ لوگوں کو آگاہی فراہم کرنا بھی کسی انسانی خدمت، بھلائی اور عبادت سے کم نہیں ہوتا۔ پھر جس کتاب کا نام ہی قرآنی آیت سے مستعار ہو اس کتاب کا پہلا نظری تاثر ہی مقدس اور شاندار ہوگا تو اسے مکمل پڑھے بغیر



چارہ نہیں ہے۔ زبان سادہ، دلکش اور مناسب الفاظ کے چناو سے پراثر ہونے کی وجہ سے انسانی شوق مطالعہ کی تکمیل اسے مکمل پڑھ کر ہی ہو پاتی ہے۔

سفرنامہ سفر کے تاثرات حالات اور کوائف پر مشتمل ہوتا ہے ۔فنی طور پر سفرنامہ بیانیہ ہے جو سفرنامہ نگار سفر کے دوران یا سفر کے اختتام پر اپنے مشاہدات کیفیات کو واردات قلبی سے مرتب کرتا ہے۔ مصنف کے ذاتی مشاہدات اور تجربات ہمیشہ سفرنامہ کی جان ہوتے ہیں۔ سفر نامہ کسی مصنف کے ذاتی تجربات اور مشاہدات کا وہ آئینہ ہے جو قاری کو ایک انوکھے انداز میں دنیا کے مختلف رنگوں اور ذائقوں سے روشناس کرواتا ہچاہے وہ ایک عام سفرنامہ ہو یا پھر ایک خاص مذہبی سفرنامہ ہو مصنف کے مشاہدات پر ہی مبنی ہوتا ہے۔ زیر نظر سفرنامہ بھی اسی نوعیت کا ایک خوبصورت تحریری نمونہ ہے جو عام سفر نامے اور مذہبی سفرنامے کی مشترکہ خصوصیات کا مکمل احاطہ کرتا ہے۔ جہاں انسانی دلچسپی اور انسانی جذبات ساتھ ساتھ دکھائی دیتے ہیں ۔جس میں مصنف نے اپنے الفاظ کے ذریعے نہ صرف اپنے سفر کی داستان بیان کی ہے بلکہ قاری کو ایسا محسوس کرایا ہے جیسے وہ خود بھی اس سفر میں شریک ہو اور یہی ایک اچھے سفرنامے کی سب سے بڑی خاصیت ہوتی ہے ۔ آئیے اس سفرنامے کے مختلف پہلوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ کسی بھی سفرنامے کا مطالعہ کرنے کے بعد اس پر تبصرہ کرتے ہوئے چند نمائیاں پہلوؤں کو ہمیشہ مدنظر رکھا جاتا ہے تاکہ اس کی خوبیوں اور خصوصیات کو بہتر انداز میں سمجھا جاسکے ۔انداز تحریر، مشاہدہ اور تجربات مقامی ثقافت اور تاریخ کا احاطہ، سفری جذباتیت اور مقصدیت، تصویری خاکہ کشی، تعلیمی اور معلوماتی پہلو تحریک اور اثرات اور سفرنامے کے قاری پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ ہی کسی سفرنامے کو دلچسپ اور تاریخی بناتا ہے ۔اس سفرنامے میں ان تمام پہلوؤں کا احاطہ بڑی عمدگی سے کیا گیا ہے۔ مصنف کا پختہ طرز تحریر ،بیان کی خوبصورتی اور قدرتی مناظر کی تصویر کشی سب واضح دکھائی دیتے ہیں۔ یہ سفرنامہ علمی و ادبی چاشنی ،ثقافتہ تحریر، دلچسپ عجائبات اور دینی اور دنیاوی معلومات سے بھی لبریز ہے اور مصنف مقامات مقدسہ کی زیارت کے لیے رہنمائی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں کے مشاہدے اور سوچ کی باریکیوں سے بھی بڑی سنجیدگی سے پردہ اٹھاتا دکھائی دیتا ہے ۔دینی تعلیمات اور مقصد زیارت پر روشنی ڈالنے کیساتھ ساتھ پڑھنے والوں اور عقیدت مندوں کے لیے نصیحت اور ہدایت ،سفر کی تیاری اور ضروری سامان اور اخلاقی اصولوں کی رہنمائی بھی نظر آتی ہے۔ سفرنامہ میں مشاہدات کے ساتھ زاویہ نظر کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ یعنی سفرنامہ نگار میں یہ امتیازی صفت ہونا چاہیے کہ وہ اپنے نظریات اور تصورات سے بے نیاز ہوکر آزادانہ سوچ کے ساتھ اپنے تجربات قلم بند کرے اور سفرنامہ نگار کی تاریخ پر گہری نظر بھی ہو اور مطالعہ بھی ہو تو وہ اپنے سفر کی روداد کو تاریخی وتہذیبی گرفت میں لاکر معلومات افزا اور دلچسپ سفرنامہ تحریر کر سکتا ہے۔ جناب ملک اللہ بخش کلیار کے اس منفرد سفرنامے میں وہ تمام خصوصیات ہیں جو ایک کامیاب بڑے سفرنامہ نگار اور اس کے سفرنامے میں ہونی چاہئیں۔ اردو سفرنامے کی صنف میں سفرنامے کی تمام اقسام کی تحریری جھلک دکھائی دینا ہی کسی مصنف یا سفرنامہ نگار کا فنی کمال ہوتا ہے۔ جو اس سفرنامہ میں جا بجا دکھائی دیتا ہے۔

سفرنامے کا ہر ہر باب بجد شاندار اور جاندار ہے کتاب کا ایک ایک صفحہ تحریر وتصاویر سے مزین اور قابل دید ہے خصوصی طور پر مقامات مقدسہ کے بارے میں جناب ملک اللہ بخش کلیار کے جذبات اور تاثرات بڑے ہی پراثر ہیں جہاں زیارت اور حاضری کے دوران محسوس ہونے والی روحانی تسکین اور قلبی سکون واضح دکھائی دیتا ہے مذہبی مقامات کی تاریخی اہمیت ان کا پس منظر اور وہاں ہونے والے واقعات کے ذکر کے ساتھ ساتھ وہاں ادا کی جانے والی مذہبی رسومات ،عبادات ،اعمال ،دعائیں اور رسومات اور ان کے روحانی فوائد کا بیان بھی شامل ہے۔ کہنے کو تو یہ سفرنامہ ہی ہے لیکن اصل میں یہ ان کے زندگی بھر کے بہت سے نادر تاثرات کا مجموعہ ہے جو جناب ملک اللہ بخش کلیار نے اپنی عمر کے مختلف حصوں میں اپنے وطن سے دور مقدس شہروں میں گزارے ہیں ۔جہاں جانے اور انہیں دیکھنے کی خواہش میرا ہے آپ مجھے بیٹی کہتے ہیں اس لیے بیٹی سمجھ کر مجھے اور امی کو معاف کر دیں آئندہ ہم آپ کو یہاں تکلیف نہیں دیں گی لیکن دعا کریں کہ مشکل مصیبت میں ہم گرفتار ہیں اللہ تعالی ایسی مشکل زندگی دشمنی کو بھی نہ دے وہ اپنی صفائی میں بات کو طول دینا چاہ رہی تھیں جبکہ میں بات کو جلدی ختم کرنا چاہ رہا تھا میں بولا مجھے آپ کا کیس یاد ہے کہ ملک صاحب جو آپ کی مدد کرتے ہیں وہ اب آپ سے ناراض ہیں اور آپ کے گھر نہیں آنے وہ جلدی آجائیں تو آپ پریشان نہ ہوں وظیفہ جاری رکھیں میں کیا دعا کروں اور وہ بہت جلد آپ کی طرف آجائیں گے آپ اب جائیں اللہ کے فضل سے جلدی آپ لوگوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا مجھے دونوں ماں بیٹی کا مسئلہ یاد آگیا تھا یہ چار

حوا کی بیٹی

برفیلی ٹھنڈی سیاہ رات میرے گھر کے دروازے پر دو عورتیں سیاہ برقعوں میں ملبوس میرے انتظار میں کھڑی تھیں میں گلی میں تھوڑی واک کے بعد ٹھنڈ سے بھاگ کر نرم گداز گرم بستر میں جا کر نرم گداز رضائی کی آغوش میں سردی کا علاج کرنا چاہ رہا تھا لیکن میرے اور گرم رضائی کے درمیان دو عورتیں رات کے وقت جب ہر کوئی اپنے گھروں میں گرما گرم بستروں میں استراحت فرما رہے تھے پر دونوں پتہ نہیں کس مصیبت کی ماری میرے دروازے پر کھڑی تھیں میں قریب ہوا تو دھندلا دور روشنی میں دونوں کو دیکھا ایک بوڑھی اور ایک جوان لڑکی سراپا انتظار تھیں چند لمحوں میں دونوں کو پہچان گیا یہ دونوں ماں بیٹی پچھلے کئی دنوں سے میرے پاس آستانے پر آرہی تھیں آج پتہ نہیں کونسی ایمرجنسی آگئی کہ دونوں کا انتظار بھی نہیں کیا اور پتہ نہیں کہاں سے میرے گھر کا ایڈریس لے کر میرے گھر کے دروازے پر کھڑی تھیں ان کے اس طرح میرے گھر پر آنے پر مجھے اچھا نہیں لگا اصل میں میں رضائی کی طرف بڑھ رہا تھا باہر گلی میں منجمد کرنے والی سردی تھی میں اس وقت کسی سے ملنے کے موڈ میں نہیں تھا میرے لہجے اور چہرے پر ناگواریت سی آگئی تھی میں بولا باجی آپ میرے پاس آتی تو میں آج ایسی کونسی مصیبت یا ایمرجنسی آگئی کہ آپ میرے آرام کے وقت میرے گھر آگئی ہیں آپ انتظار کر لیتیں اور وہاں آجاتیں وہاں پر میں نے ہر بار آپ کی بات بھی سنی ہے اور اُس کا حل بھی بتانے کی کوشش کی ہے پھر بھی آپ یہاں آگئی ہیں میرے تلخ لہجے پر بیٹی بولی انکل آپ سے شرمندہ اور معافی مانگتی ہوں امی تو یہاں نہیں آنا چاہتی تھیں لیکن میں ہی امی کو مجبور کر کے زبردستی یہاں لائی ہوں اس میں سارا قصور تو میرا ہے آپ مجھے بیٹی کہتے ہیں اس لیے بیٹی سمجھ کر مجھے اور امی کو معاف کر دیں آئندہ ہم آپ کو یہاں تکلیف نہیں دیں گی لیکن دعا کریں کہ مشکل مصیبت میں ہم گرفتار ہیں اللہ تعالی ایسی مشکل زندگی دشمنی کو بھی نہ دے وہ اپنی صفائی میں بات کو طول دینا چاہ رہی تھیں جبکہ میں بات کو جلدی ختم کرنا چاہ رہا تھا میں بولا مجھے آپ کا کیس یاد ہے کہ ملک صاحب جو آپ کی مدد کرتے ہیں وہ اب آپ سے ناراض ہیں اور آپ کے گھر نہیں آنے وہ جلدی آجائیں تو آپ پریشان نہ ہوں وظیفہ جاری رکھیں میں کیا دعا کروں اور وہ بہت جلد آپ کی طرف آجائیں گے آپ اب جائیں اللہ کے فضل سے جلدی آپ لوگوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا مجھے دونوں ماں بیٹی کا مسئلہ یاد آگیا تھا یہ چار پانچ دفعہ میرے پاس آئیں تھیں ہر بار بڑے عجیب پراسرار سے لہجے میں کہتیں باباجی دعا کریں ہمارے حالات ٹھیک ہو جائیں مہنگائی بہت ہے اب گزارے نہیں ہیں ماں بولی میری صرف پانچ بیٹیاں ہیں خاوند فوت ہو چکا ہے بیٹا ہے نہیں ایک بیٹی کسی پارلر میں کام کرتی ہے وہی واحد سہارا



ہے اُس کے علاوہ کوئی کمانے والا نہیں ہے لیکن جو بیٹی پارلر پر کام کرتی ہے اُس کو تنخواہ اتنی تھوڑی ہے کہ بڑی مشکل سے گھر کا کرایہ ادا ہوتا ہے کرائے کے بعد بجلی گیس پانی بل اور پیٹ کا دوزخ پھرنے کے لیے اناج روٹی بھی تو چاہیے اوپر سے مہنگائی نے تو سارے ریکارڈ ہی توڑ دیئے ہیں اس شدید مہنگائی کی وجہ سے ہم لوگ اب ایک وقت کھانا چاہتے ہیں وہ بھی چٹنی شوربے سے دو وقت کا کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا ایسے حالات میں ملک صاحب ہی ہمارا سہارا تھے جو گھر کا راشن لا دیتے اِس طرح ہم زندگی کے ساتھ زندگی مشکل سے مشکل ہو تی جارہی ہے غربت مٹانے کے لیے دو چار بابوں کے پاس گئے تو انہوں نے نذرانے کے پیسے مانگے جب پیسے نہ دیئے تو ہوس بھری نظروں سے دیکھا کسی نے آپ کے بارے میں بتایا تا آپ کے پاس غربت مٹانے آگئے لیکن جہاں آپ لوگوں سے ملتے ہیں وہاں پر بہت رش ہوتا ہے بندہ کھل کے بات نہیں کر سکتا اور نہ ہی ملک صاحب کا کیس آپ سے کہا جاسکتا ہے سر اِس لیے میں نے سارا مسئلہ اِس خط میں لکھ دیا ہے تاکہ آپ کیس کو سمجھ سکیں پھر فیصلہ کریں کہ ملک صاحب کا مسئلہ کس طرح حل ہو نا چاہیے کہہ کیا ہوا کاغذ مجھے دے کر دونوں ماں بیٹی معذرت کر کے چلی گئیں تو میں اندر آکر بڑی آرام دہ کرسی پر بیٹھ گیا میں بستر اور آرام دہ رضائی میں جانے سے پہلے خط پڑھنا چاہتا تھا کہ ایسی کونسی بات اور راز ہے جو دونوں عورتیں لوگوں کے سامنے نہیں کر سکیں اور رات کے اندھیرے میں میرے گھر خط دینے آئی ہیں میں نے کاغذ کو کھولا اُس پر لکھا تھا محترم بابا جی اسلام وعلیکم تکلیف دردکرب کے پل صراط سے گزر کر آپ کو یہ خط لکھ رہی ہوں امید ہے آپ مجھے معاف کریں گے اور اللہ سے دعا بھی کریں گے کہ وہ ہماری زندگی آسان بنا دے سر ہم صرف پانچ بہنیں ہیں والد صاحب چند سال پہلے وفات پا گئے اب ہم بہنیں ماں کے ساتھ کرائے کے چھوٹے سے مکان میں رہتی ہیں باپ کے مرنے کے بعد مجھ سے چھوٹی بہن جس نے بیوٹی پالر کا کام سیکھا ہوا ہے وہ کماتی ہے ماں دو گھروں میں صفائی کا کام کرتی ہے گھر کا کرایہ اور بل دینے کے بعد کھانے کو پیسے نہیں ہوتے محلے دار یتیم سمجھ کر تھوڑی بہت مدد کر دیتے ہیں اسی دوران کسی نے بتایا محلے میں ہی ملک صاحب غریبوں کی مدد کرتے ہیں راشن دیتے ہیں تو میں اور والدہ صاحب ملک صاحب کے ڈیرے پر راشن لینے گیں تو ملک صاحب نے ہمیں بھی راشن دے دیا چھ ماہ گزر گئے ہم ہر مہینے جا کر راشن لے آتے چھ ماہ بعد ایک دن ملک صاحب ہمارے گھر آگئے اور ماں سے کہا میں آپ کی اور مدد کرنا چاہتا ہوں اب آپ گھر آکر راشن اور پیسے دیا کروں گا لہذا اب ملک صاحب ہمارے گھر آنا جانا شروع ہو گئے مجھے موبائل لے کر دیا کہ آپ مجھ سے بات کر لیا کرو ہم ملک صاحب کو مسیحا سمجھ کر عزت کرتے تھے اِسی دوران ملک صاحب نے باتوں باتوں میں میرے قریب آنے کی کوشش کی پہلے تو میں بہت پریشان ہوئی لیکن پھر ملک صاحب کی ناراضگی کہ وہ راشن اور مدد بند کر دیں میں نے ملک صاحب سے دوستی کر لی ملک صاحب نے مُجھ سے شادی کا وعدہ کیا اور بغیر شادی کے ہی میرے ساتھ ملنے لگے میں ملک صاحب کی شادی کے وعدے پر ان کی بات مانتی گئی ایک سال بعد ملک صاحب کا دل مجھ سے بھر گیا تو میری چھوٹی بہن پر نظر رکھ لی میں نے غصہ کیا چھوٹی بہن نے بھی انکار کیا تو ملک صاحب کے راشن اور مدد بند کر دی میں نے ملک صاحب کو منانے کی بہت کوشش کی لیکن وہ ضد پر قائم کر چھوٹی بہن سے دوستی کراؤ چھوٹی بہن کسی کو پسند کرتی اُس نے انکار کر دیا اب ملک صاحب نہ مانے تو میں نے جسم فروشی شروع کر دی رات کو برقعہ پہن کر سڑک کنارے کھڑی ہو جاتی ہوں کوئی خریدار لے جاتا ہے اِس طرح زندگی چل رہی ہے دعا کریں اللہ ہمارے لیے نیک وسیلہ بنا دے بیٹی کا خط پڑھ کر میرے ٹھنڈے جسم میں چنگاریاں سی پھوٹ رہی تھی کہ اِس ٹھنڈی رات میں بنت حوا کی کتنی بیٹیاں خود کو رات کے اندھیرے میں اپنے خاندان کو بچانے کے لیے بیچنے کے لیے کھڑی ہیں کہ مجھے خرید لو پیسے دے دو اللہ کب نیک حکمران دے گا۔

سرکاری کمائی کے اڈے بند کیے جائیں

ایک طرف وفاقی حکومت ہزاروں ارب کی لوٹ مار کرنے والے پی ڈبلیو ڈی کو بند کر رہی ہے کہ اگر پاکستان کو چلانا ہے تو ان چور راستوں کا خاتمہ ضروری ہے دوسری طرف پنجاب حکومت اسی طرح کے ایک اور ادارے IDAP کو ختم کرنے کی بجائے کیونکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ کی نئی کمپنی رجسٹرڈ کروا رہی ہے۔ پنجاب کی ڈویلپمنٹ کا پہلے سے منظور 842 ارب اور روڈ ورک کے 247 ارب سالانہ کے علاوہ وزیراعلی پنجاب کی طرف سے مبینہ طور پر ایک ہزار ارب کی خطیر رقم سے نئی سڑکوں اور شاہراؤں کی تعمیر کے منصوبوں کے اعلان کے ساتھ ہی بیوروکریسی ان پراجیکٹس کے ذریعے کھربوں روپے کی میگا کرپشن کرنے کیلئے نئی کمپنیز کی رجسٹریشن کیلئے میدان میں آگئی ہے۔ دنیا کے کسی ملک میں ایسا نہیں ہوتا کہ وہاں سرکاری محکمے اور افسران کاروبار کریں، سرکاری اداروں کا کام ریگولیشن اور مانیٹرنگ ہوتا ہے نہ کہ ٹھیکیداری۔ اپنی حقیقی کرپشن کو چھپانے اور بچانے کیلئے بیوروکریسی صحافیوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو پیسے دے کر ریٹائرڈ آرمی افسران کے ویلفیئر منصوبوں پر تنقید کروا کر اصل واردات خود کرتے ہیں۔ آرمی ویلفیئر ٹرسٹ، فوجی فاؤنڈیشن اور ڈی ایچ اے میں کہیں بھی حکومت کا ایک پیسہ نہیں لگتا نہ ہی حاضر سروس آرمی افسران کا اس سے کچھ لینا دینا ہے۔ سول سرکاری ملازمین کی طرح 60 سال اور بعد از ریٹائرمنٹ ملازمت دینے کی بجائے آرمی میں اکثریت کو 43 سال کی عمر میں ریٹائرڈ کر دیا جاتا ہے، اسی طرح وطن عزیز کی حفاظت اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ماہانہ درجنوں شہادتیں ہوتی ہیں، شہدا کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے بغیر کسی حکومتی امداد اور سرکاری وسائل کے استعمال کے کام کرنے والے ریٹائرڈ آرمی افسران کو



شاباش دینے اور انکا شکر گزار ہونے کی بجائے بیوروکریٹس کے پھیلائے پروپیگنڈہ کی وجہ سے ریٹائرڈ آرمی افسران کے ویلفیئر پراجیکٹس کو برا کہا جاتا ہے۔ ایک طرف اپنی جانوں کی قربانی دے کر آرمی کے افسران وطن عزیز کی ایک ایک انچ کی حفاظت کرتے ہیں دوسری طرف بیوروکریسی سرکاری زمینوں پر پرائیویٹ لینڈ مافیا کے قبضے کرواتی ہے، سرکاری وسائل کو مال مفت دل بے رحم کی طرح لوٹنے والی والی بیوروکریسی دھرتی ماں کو بیچ کر بھی احتساب سے بالاتر رہ کر قانون کی پکڑ سے بچ جاتی ہے۔ بیوروکریسی کی اس ساری لاقانونیت، لوٹ مار اور سرکاری پیسے کے غلط استعمال کا آڈٹ کرنے والے آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی اس لوٹ مار کی نشان دہی اور احتساب کرنے کی بجائے ڈیپوٹیشن کی ذریعے انہی سیٹوں پر آنے کیلئے زور لگا رہے ہوتے ہیں۔ آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس میں مشہور ہے کہ کرپٹ ڈیپارٹمنٹ کو اس وقت تک رگڑا لگاتا ہے جب تک وہ آپ کی ریکوزیشن نہ بھیج دے۔ چند سال قبل ایک ڈپٹی کمشنر کو تین ارب کی کرپشن پر عہدے سے ہٹایا گیا اور تین ماہ بعد چار اضلاع یعنی ڈویژن کا ڈائریکٹر انٹی کرپشن لگا دیا گیا۔ گریڈ اٹھارہ کے انتہائی جونیئر بچے کو گریڈ بیس کی اہم سیٹ پر سی ای او IDAP لگا دیا گیا۔ نئے جی او آر میں اربوں روپے کی کنسٹرکشن اسی IDAP کے ذریعے کی جارہی ہے۔ وزیراعلی پنجاب سے گزارش ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو کو نئی کمپنیز بنانے کی اجازت دینے کی بجائے پی ڈبلیو ڈی کی طرح سفید ہاتھی بنی IDAP کو بھی ختم کر کے یہی کام پرائیویٹ ٹھیکیداروں سے کروایا جائے۔ سرکاری افسران سے وہی کام لیا جائے جس کا انہوں نے حلف اٹھایا ہے نہ کہ افسری چھوڑ کر دیہاڑی بازی اور ٹھیکیداری والے کام ۔ یہی افسران ڈیپوٹیشن پر ایف آئی اے میں چلے جاتے ہیں یا پھر وزارت داخلہ میں پوسٹنگ حاصل کر کے کرپٹ افسران کا تحفظ کرتے ہیں جبکہ چھوٹے ملازمین اور تاجر طبقے کو لوٹتے ہیں۔ انہی وجوہات کی بنا پر پاکستان کی بیوروکریسی احتساب سے بالاتر مخلوق بن چکی ہے اور دن بہ دن کرپٹ سے کرپٹ ہوتی جا رہی ہے۔ بیوروکریسی اپنی کرپشن اور غیر قانونی اقدامات سے توجہ ہٹانے کیلئے سیاستدانوں اور اداروں کو سافٹ ٹارگٹ بنا کر عوام کے سامنے برا بنا دیتے ہیں۔ جناب وزیراعظم اور میڈم وزیراعلی ! کرپشن اور لوٹ مار بیوروکریسی کرے اور گالیاں سیاستدان کھائیں آخر کیوں اور کب تک؟ میڈم وزیراعلی اگر آپ سرکاری ملازمین کو ٹھیکیدار بننے سے ناروک سکیں تو پھر وہ دن دور نہیں جب یہ یہاں کی ہر چیز بیچ دیں گے۔ پاکستان کا سب سے زیادہ ترقی یافتہ صوبہ پنجاب بھی کھنڈر بن جائے گا۔ پاکستان میں پیدا ہونے والا ہر بچہ دو لاکھ اسی ہزار کا مقروض ہے لیکن ان بیوروکریٹ کے بچے تو ہمارے پیسوں سے یورپین ممالک کی شہریت لے چکے ہیں انہیں کیا فکر۔ دنیا کے دو سو سے زائد ممالک میں سے کسی آخری درجے کے ملک کے سرکاری ملازمین بھی اس قدر کرپٹ اور قانون شکن نہیں ہوسکتے جتنے پاکستان کے ہیں۔ چائنیز امبیسی سے میرے بہت اچھے تعلق ہیں ایک دن چائنیز نے شکایت کی کہ پاکستان میں سرکاری ملازمین اتنے کرپٹ ہیں کہ پیسے کے بغیر سانس بھی نہیں لینے دیتے۔ چائنیز کا کہنا تھا کہ صرف وہی منصوبے کرپشن سے پاک ہیں جہاں آرمی کی سپرویژن ہے۔ پچھلے دنوں ایک چائنیز کمپنی نے شکایت کی کہ ایک آفیسر نے منصوبے کی اجازت کے بدلے برج خلیفہ دبئی میں فلیٹ کی ڈیمانڈ کی۔ ایس آئی ایف سی کو بھی بیوروکریسی صرف اس لیے ناکام کرنا چاہتی ہے کہ اگر آرمی سپروائز کرے گی تو ان کو کرپشن کا پیسہ کمانے کی راہ نہیں نظر آرہی۔

انسانی سمگلنگ اور ایک ماں کی آپ بیتی

ہمارے ملک کے معاشی حالات سب کے سامنے ہیں۔ جس کی وجہ آئے روز کہیں خودکشیاں ہو رہی ہیں تو کہیں لوگ اس نظام سے بیزار ہو کر غیر قانونی طریقے سے ڈنگی لگا کر بیرون ملک بھاگنے پر مجبور ہیں، جس کی ایک مثال حالیہ غیر قانونی طور پر سپین اور یونان جانے والوں کی ہے۔ جس میں درجنوں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا۔ اس سلسلے میں ایف آئی اے کا انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف ملک گیر کریک ڈاون جاری ہے۔ ایف آئی اے نے ایک ماہ کے دوران 185 ہیومن سمگلرز اور ایجنٹس کو گرفتار کیا۔ ریڈ بک میں شامل 38 انتہائی مطلوب انسانی سمگلروں کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ اسی طرح سال 2023ء کے یونان کشتی حادثہ کے حوالے سے 15 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ انسانی سمگلنگ میں ملوث ملزمان کی 45 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی جائیداد ضبط کر کے ان عناصر کے زیر استعمال 7 کروڑ روپے کے بینک اکاؤنٹس منجمد بھی کیے گئے۔ انٹرپول کے ذریعے انسانی سمگلنگ میں ملوث ملزمان ک





تخلیقی کام کرنے والوں کو سراہنے کا جذبہ پیدا کرنا چاہیے، زارا نور عباس

جب کوئی پاکستان میں محنت کر رہا ہے، تو ضروری ہے کہ ہم ان کی کاوشوں کو عزت دیں، اداکارہ

کراچی (کلچرل ڈیسک) اداکارہ زارا نور عباس نے اپنے یوٹیوب چینل پر اپنے پوڈکاسٹ "واٹ مسنیس" کے پہلے سیزن کے اختتام کے بعد پاکستان میں کانٹینٹ کریئیٹرز کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ زارا، جو 2024 میں اپنی بیٹی نور جہاں کی پیدائش کے بعد پہلی بار ماں بنی ہیں، نے "واٹ مسنیس" کے ذریعے مشہور شخصیات کی ماں کو انٹرویو دے کر ان کے والدین کے تجربات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اپنے وی لاگ میں کہا، "یہ ایک آزاد کرنے والا تجربہ تھا جس سے میں اپنی زندگی میں جڑ محسوس کر سکی۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ کانٹینٹ کریئیٹرز کو پاکستان میں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔" زارا نے تنقید کرنے والوں سے درخواست کی کہ وہ تخلیقی کاموں کے پیچھے کی محنت کو سراہیں۔ انہوں نے کہا، "جب کوئی پاکستان میں محنت کر رہا ہے، تو ضروری ہے کہ ہم ان کی کاوشوں کو عزت دیں، بجائے اس کے کہ ہم ان پر فقل کرنے کا الزام لگائیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ تخلیقی کام اکثر متاثر ہوتا ہے۔ "آخری اور بچنل آئیڈیا دنیا میں شاید ایپل کا آئی فون تھا۔ ہم کہانیوں، لوگوں اور شوز سے متاثر ہوتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے ملک میں ان چیزوں کا اپنا ورژن بنانا چاہتے ہیں۔" زارا نے یہ بھی بتایا کہ ان کے پاس حمل سے متعلق موضوعات پر مزید آئیڈیاز موجود ہیں۔ انہوں نے کہا "لوگ چاہتے تھے کہ میں اپنے حمل کا سفر شیئر کروں، اور میں محسوس کرتی ہوں کہ یہ ایک بالکل نیا موضوع ہو سکتا ہے،"۔ انہوں نے اپنے پوڈکاسٹ کا اختتام ماں بننے کی عالمگیر طاقت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا۔ "چاہے مائیں اداکار ہوں، کاروباری خواتین، وکیل، گھریلو خواتین یا ٹیچرز، سب ایک جیسی ہوتی ہیں۔ ہمیں ایک دوسرے کو بہتر محسوس کرانے کے لیے اپنے تجربات شیئر کرنے اور ایک دوسرے کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔"



ماڈلنگ میں سانولی رنگت کا ہمیشہ فائدہ ہی ہوا ہے، سنیتا مارشل

سانولی رنگت کی وجہ سے اداکارہ سنیتا مارشل کو انڈسٹری میں کونسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان شوبز کی خوبرو اداکارہ و ماڈل سنیتا مارشل نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں گہری رنگت کی وجہ سے ڈرامہ انڈسٹری میں مسائل پیش آئے۔ اداکارہ نے حال ہی میں ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماڈلنگ میں انہیں اپنی سانولی رنگت کا ہمیشہ فائدہ ہی ہوا ہے تاہم ٹی وی ڈراموں میں مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سنیتا نے وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ ڈراموں میں اگر میرے ساتھ کوئی گوری رنگت کی اداکارہ ہو تو کمرہ مین کو اسے سیٹ کرنے کیلئے لائٹنگ سیٹ کرنی پڑتی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ یہ مسئلہ کچھ کیمرہ مین کو ہوتا تھا، سب کے ساتھ یہ مسائل نہیں ہوتے، متوازن رکھنے میں مسئلہ ہوتا تھا لیکن ماڈلنگ میں مجھے ہمیشہ فائدہ ہی ہوا ہے۔ سنیتا نے بتایا کہ انہوں نے ماڈلنگ کیریئر میں اکثر ایسے شوٹس بھی کیے ہیں جہاں ان کے رنگ کو مزید گہرا کیا گیا جو ان کی اصل رنگت سے کئی زیادہ تھا۔ سنیتا مارشل نے کہا کہ کچھ لوگوں کو سانولی رنگت پسند ہوتی ہے، اس کے علاوہ کچھ کپڑوں کے رنگ بھی اس پر زیادہ اٹھتے ہیں جیسے پیلا رنگ اور نیلا وغیرہ۔ یاد رہے کہ سنیتا مارشل حال ہی میں مقبول ڈرامے بے بی باجی کی بہوویں میں اداکاری کے جوہر دکھاتی نظر آئی تھیں جس میں انہیں مداحوں کی جانب سے بیحد پسند کیا گیا تھا۔



راکھی ساونت کا ہانیہ عامر سے ملنے کیلئے پاکستان آنے کا اعلان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکارہ و ماڈل راکھی ساونت نے ہانیہ عامر سے ملاقات کیلئے پاکستان آنے کا اعلان کر دیا۔ راکھی ساونت کی جانب سے ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ہے جس میں انہوں نے بیگ سمیت ائیر پورٹ پر دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو پیغام میں راکھی پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ وہ پاکستان آرہی ہیں اور ہانیہ عامر کے گھر ان کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں۔ راکھی نے کہا کہ میں پاکستان کے سب بڑے اسٹارز ہانیہ، نرگس اور دیگر سے ملنا چاہتی ہوں اس لئے پاکستان آرہی ہوں، ہانیہ مجھے ائیر پورٹ پر پک کرنے آجا۔ سوشل میڈیا پر راکھی ساونت اور ہانیہ عامر کے درمیان ویڈیوز پیغامات کا سلسلہ جاری ہے جس پر صارفین کی جانب سے دلچسپ ردعمل بھی سامنے آرہے ہیں۔ راکھی کی اس ویڈیو پر صارفین مزاحیہ انداز میں ہانیہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ ہانیہ راکھی پاکستان آرہی ہے تم پاکستان سے چلی جا۔ ہانیہ عامر نے بھی راکھی کے اس ویڈیو پیغام پر جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ میں صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ پہلے میری زندگی بہت غمگین تھی اور پھر میری زندگی میں راکھی ساونت آگئیں، راکھی جی میں آپ کو ائیر پورٹ لینے آرہی ہوں۔



ارووشی روٹیلا کی وائرل باتھ روم ویڈیو، اداکارہ نے حیران کن انکشاف کر دیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) مشہور اداکارہ ارووشی روٹیلا نے حال ہی میں اپنی وائرل باتھ روم ویڈیو کے بارے میں وضاحت دی ہے، جس نے 2024 میں سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی تھی۔ ارووشی نے انکشاف کیا کہ یہ ویڈیو ان کی فلم 'کھسپیٹیا' کا ایک سین تھا اور اسے پروڈیوسرز کی درخواست پر جاری کیا گیا تھا۔ بالی وڈ ببل کے ساتھ ایک انٹرویو میں ارووشی نے بتایا، "پروڈیوسرز مالی مشکلات کا شکار تھے اور انہیں کچھ قرضوں کی وجہ سے اپنی زمین تک بیچنی پڑی تھی۔ وہ سڑک پر آنے کے قریب تھے۔ اس صورتحال میں انہوں نے ہماری ٹیم سے اجازت طلب کی کہ آیا اس سین کو پہلے وائرل کیا جا سکتا ہے۔" ارووشی نے مزید کہا، "یہ فلم کا ہی ایک سین تھا، اور اس میں کوئی خاص بات نہیں تھی۔ پروڈیوسرز نے ہم سے درخواست کی کہ اس سین کو پہلے لیک کر کے فلم کی تشہیر کی جا سکے۔ یہ ایک طرح سے لڑکیوں کے لیے بھی وارننگ تھی کہ وہ محتاط رہیں۔" واضح رہے کہ اداکارہ نے بالی وڈ میں فلم 'سنگھ صاحب دی گریٹ' سے قدم رکھا اور وقت کے ساتھ کئی مشہور فلموں جیسے 'ہیٹ اسٹوری 4'، 'سائم رے'، 'کابل' اور 'پاگلپنتی' میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی آنے والی فلم 'ڈاکو مہاراج' بھی شائقین میں کافی مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔

رانجی ٹرافی، روہت شرما کے ساتھ دیگر اسٹار بلے باز بھی بری طرح ناکام

اوپنر یشسوی جیسوال 4 رنز، اجنکیا رہانے 12، شریاس ایر 11 اور شیوم ڈوبے 0 رن بنا کر آؤٹ ہوئے

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) ایک دہائی کے بعد ڈومیسٹک سرکٹ میں کھیلنے والے بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما کے علاوہ دیگر اسٹار بلے باز بھی خاطر خواہ کامیابی دکھانے میں ناکام رہے۔ آسٹریلیا میں خراب پرفارمنس کا مظاہرہ کرنے کے بعد روہت شرما رانجی ٹرافی میں بھی تین رنز پر پویلین لوٹ گئے۔ لیکن دومیسٹک سرکٹ میں واپسی کے بعد صرف روہت شرما ہی فیل نہیں ہوئے۔ ان کے علاوہ اوپنر یشسوی جیسوال 4 رنز، اجنکیا رہانے 12، شریاس ایر 11 اور شیوم ڈوبے 0 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔



اختلافات، انجریز نے بھارتی خیمے کا رخ کر لیا، شامی کی فٹنس پر سوالیہ نشان

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کی انجری کے بعد آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں جگہ بنانے والے محمد شامی کو ایک مرتبہ پھر انجری نے گھیر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز انگلینڈ کیخلاف سیریز کے پہلے ٹی 20 میچ میں بھارتی کرکٹ ٹیم کو میچ کے آغاز سے چند لمحات قبل محمد شامی کے نہ کھیلنے سے متعلق علم ہوا۔ پانچ میچز پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ کل کولکتہ کے ایڈن گارڈنز میں کھیلا گیا تھا جہاں بھارت نے کامیابی سمیٹی تاہم محمد شامی میچ میں ٹخنے کی انجری سے نجات نہ پانے کی وجہ سے پلیئنگ الیون میں جگہ نہ بنا سکے۔ بھارتی ٹیم نے انگلینڈ کیخلاف تین اسپنرز کیساتھ ایک کیا جبکہ ہاردک پانڈیا اور ارشدیپ سنگھ نے فاسٹ بولنگ کی کمان سنبھالی۔ محمد شامی کی فٹنس کو دیکھنے کے بعد کئی سابق کرکٹرز نے آئیکونک چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں شامل کرنے پر بورڈ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سابق کرکٹر و کمنٹیٹر آکاش چوپڑا کا کہنا ہے کہ محمد شامی کھیل نہیں رہے ہیں، وہ آج کے دن تک 100 فیصد فٹ نہیں ہیں جبکہ انگلینڈ نے میدان پر 4 فاسٹ بولرز کو میدان پر اتارا تھا۔ پیوش چاولہ نے محمد شامی کی عدم موجودگی کے بارے میں کہا کہ فاسٹ بولر ان اپ میں لنگڑا رہے تھے، وہ میگا ایونٹ میں کیسے پرفارم کریں گے سمجھ سے باہر ہے!، اگر وہ اہم میچز سے قبل فٹ نہ ہوئے تو بھارت کو بڑا دھچکا لگ سکتا ہے۔ ادھر ٹیم مینجمنٹ کا کہنا ہے کہ محمد شامی سیریز کے دیگر میچز میں بالنگ کروائیں گے تاہم انکی فٹنس پر سوالیہ نشان برقرار ہے۔



چیمپئنز ٹرافی سے قبل خوشدل شاہ کی واپسی، اہم اعلان متوقع

بنگلادیش پریمیئر لیگ میں 91.33 کی اوسط سے 274 رنز بنا ڈالے

ڈھاکہ (اسپورٹس ڈیسک) بنگلادیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرنیوالے آل راؤنڈر خوشدل شاہ کو سہ ملکی سیریز اور آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں شامل کرنے کی تیاری کر لی گئی۔ نوجوان آل راؤنڈر کیریئر کی شاندار فارم میں دیکھائی دے رہے ہیں انہوں نے بنگلادیش پریمیئر لیگ کے 8 میچز میں 197.12 کے اسٹرائیک ریٹ کیساتھ 91.33 کی اوسط سے 274 رنز بنائے ہیں اور ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والوں میں 7ویں نمبر پر موجود ہیں۔ قومی ٹیم کیلئے اپنے مختصر کیریئر میں خوشدل شاہ نے 10 ون ڈے میچز کھیلے اور 33.16 کی اوسط سے محض 199 رنز بنائے جبکہ 2 وکٹیں بھی حاصل کیں۔ انہوں نے سال 2022 میں آخری بار پاکستان کیلئے ون ڈے میچ بالینڈ کیخلاف کھیلا تھا۔

بابر اعظم پر زیادتی کا مقدمہ درج کروانے والی خاتون عدالت طلب

مدعیہ خاتون کیس کو آگے نہیں بڑھانا چاہتی ہیں تو اسے ختم کر دیا جائے، عدالت کا حکم

لاہور (میاں شہروز سے) قومی ٹیم کے کرکٹر و سابق کپتان بابر اعظم پر مبینہ زیادتی کے مقدمے میں خاتون کو عدالت طلب کر لیا۔ بابر اعظم کیخلاف مبینہ زیادتی کا مقدمہ درج کرنے کے عدالتی حکم کیخلاف جسٹس اسجد جاوید گھرال نے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت آئندہ سماعت پر خاتون طلب کرتے ہوئے تفتیشی افسر سے خاتون کا بیان بھی لکھ کر پیش کرنے کا حکم دیا۔ جسٹس اسجد جاوید گھرال نے ریمارکس دیے کہ اگر مقدمہ مدعیہ خاتون کیس کو آگے نہیں بڑھانا چاہتی ہیں تو اسے ختم کر دیا جائے۔ خاتون نے درخواست گزار نے سابق کپتان بابر اعظم پر ریپ، ہراساں کرنے، بلیک میلنگ اور پیسے بٹورنے کا الزام بھی عائد کر رکھا ہے جبکہ کرکٹر کا موقف ہے کہ الزامات بنیاد ہیں اور شہرت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ بابر اعظم کا موقف ہے کہ عدالت ایڈیشنل سیشن جج کا فیصلہ کالعدم قرار دے۔ واضح رہے کہ حامیزہ مختار نامی لڑکی نے نومبر 2020 میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بابر اعظم پر الزامات عائد کیے تھے کہ وہ بابر اعظم کے پڑوس میں رہتی رہی ہیں، دونوں ایک ہی اسکول میں پڑھتے رہے ہیں، کرکٹر نے مجھے محبت میں دھوکا دیا، 2010 میں شادی کا وعدہ کیا لیکن جب بھی نکاح کا مطالبہ کرتی تو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا، دونوں فیملیز شادی کے لیے تیار نہیں تھیں، بالآخر بابر اعظم نے انکار کر دیا۔



چمپئنز ٹرافی، نیشنل اسٹیڈیم کے 2 اسٹینڈز سابق کپتانوں کے نام سے منسوب

چیئرمین کرکٹرز مدر محمد کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ظہیر عباس انکلوژر کا نام تبدیل کر دیا جائے گا

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (نے لیجنڈز کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے 2 اسٹینڈز سابق کپتانوں شاہد آفریدی اور یونس خان کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ ہوگیا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے لاہور، راولپنڈی اور نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں تزئین و آرائش کا تقریبا اختتامی مراحل میں داخل ہوگیا، جس کے بعد ٹورنامنٹ کے انعقاد کیلئے 10 روز بعد انٹرنیشنل کرکٹ باڈی) آئی سی سی (اسٹیڈیمز کو سنبھال لے گی۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ماجد خان انکلوژر اور ظہیر عباس انکلوژر کا نام دیا جائے گا۔ نیشنل اسٹیڈیم کی ایک حالیہ عمارت پر کام میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، یہ 3 منزلہ عمارت پر کام مکمل ہو چکا ہے۔ خان انکلوژر کا نام یونس خان جبکہ قائد انکلوژر کا نام شاہد آفریدی سے منسوب کر دیا جائے گا۔ اسی طرح ماضی لیجنڈری کرکٹر مدر محمد کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ظہیر عباس انکلوژر کا نام سے تبدیل ہوگا۔ گراؤنڈ سے منسلک زمینی سطح پر ایک نئی تعمیر شدہ عمارت میں 2 ڈی وی آئی پی انکلوژرز میں 1,050 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہوگی، ان کو ماجد خان انکلوژر اور ظہیر عباس انکلوژر کا نام دیا جائے گا۔ نیشنل اسٹیڈیم کی ایک حالیہ عمارت پر کام میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، یہ 3 منزلہ عمارت پر کام مکمل ہو چکا ہے۔



کراچی سے عشق ہے اس سے بہترین جگہ رہائش کے لیے کوئی نہیں، اداکار علی خان



کراچی (شوبز رپورٹر) اداکار علی خان کا کہنا ہے کہ کراچی سے عشق ہے اس شہر سے بہترین جگہ رہائش کے لیے کوئی نہیں ہے۔ اداکار علی خان نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے شو میں شرکت کی اور ان سے کراچی اور بھارت میں رہائش سے متعلق سوال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ میں کراچی میں پیدا ہوا ہوں اور اس سے بہترین جگہ رہائش کے لیے کوئی نہیں۔ اس بارے میں انہوں نے بتایا کہ ان کا خاندان دونوں ممالک میں رہتا ہے اور ان کا دونوں شہروں سے گہرا تعلق ہے۔ وہ دونوں ممالک میں کام بھی کر چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ کراچی میں پیدا ہوئے اور پھر ممبئی میں اپنے ماموں کے ساتھ رہتے تھے۔ ان کا پاسپورٹ برطانوی ہے اور وہ ان تمام جگہوں سے مانوس ہیں۔ علی خان نے مزید بتایا کہ وہ کراچی میں اپنی اہلیہ سے ملے اور انہیں یہاں کی ثقافت سے پیار ہو گیا اور آخر کار انہوں نے ممبئی کی بجائے کراچی میں رہنے کا انتخاب کیا۔

میں نہیں چاہتا میرے بچے بالی ووڈ میں قدم رکھیں، شاہد کپور

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کے نامور اداکار شاہد کپور نے اپنے بچوں کو فلم انڈسٹری میں نہ لانے کا اعلان کیا ہے۔ بالی وڈ میں تقریبا تمام بڑے ستاروں کے بچے اپنے ماں باپ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے انڈسٹری میں اپنی جگہ بنا رہے ہیں لیکن اداکار شاہد کپور ایسا بالکل نہیں چاہتے۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے شاہد کپور نے کہا کہ وہ نہیں چاہتے ان کے بچے بالی وڈ میں قدم رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کافی ساری چیزیں ہیں جو میں چاہتا ہوں میرے بچے مجھ سے نہیں سیکھیں، میں چاہتا ہوں وہ فطری طور پر زیادہ پراعتماد ہوں، جو میرے خیال میں دونوں ہیں، میں فطری طور پر اتنا پراعتماد نہیں تھا، میں نہیں چاہوں گا کہ وہ میرا کام کریں۔ اداکار نے کہا کہ فلم میں نہ آنا یار، کچھ اور کرو، بہت سے اتار چڑھاہیں، یہ بہت مشکل ہے، اگر وہ چاہیں تو یہ ان کی مرضی ہے لیکن میں چاہوں گا کہ کوئی آسان چیز منتخب کریں، اداکاری بہت پیچیدہ ہے۔ بچوں کی تربیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے شاہد کپور نے بتایا کہ میں اپنے بچوں کو ہمیشہ صحیح کام کرنے کی ترغیب کروں گا۔ واضح رہے کہ اداکار شاہد کپور نے میرا راجپوت سے 2015 میں شادی کی تھی اور جوڑے کے دو بچے میشا اور زین ہیں۔

مادھوری ڈکشت کا بڑا گھر ہونے کے باوجود تمام افراد گھر کے ایک کمرے میں ہی رہائش پذیر رہے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ اور رقاصہ مادھوری ڈکشت کے بیٹوں کے حوالے سے دلچسپ انکشاف سامنے آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مادھوری ڈکشت کا بڑا گھر ہونے کے باوجود تمام افراد گھر کے ایک کمرے میں ہی رہائش پذیر رہے۔ مادھوری کے شوہر ڈاکٹر شری رام المعروف نینے نے اپنے بچوں کی پرورش کے بارے میں بتایا کہ ہمارے دو بیٹے آرین اور ریان ہیں، جو اب امریکا میں ایک کالج میں زیر تعلیم ہیں۔ ڈاکٹر نینے نے اپنے یوٹیوب چینل پر ایک نئی ویڈیو شیئر کی، جس میں وہ اور مادھوری اپنے بچوں آرین اور ریان کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے۔ خاندانی گفتگو کے دوران انہوں نے ان اقدار کے بارے میں بات کی جو انہوں نے آرین اور ریان میں ڈالی ہیں۔ ڈاکٹر نینے نے بتایا کہ ہمارا بڑا گھر ہونے کے باوجود سب ایک ہی کمرے میں رہتے تھے جس کی وجہ سے بچوں می قربت بڑھی۔ آرین نے کہا کہ ہم بہت سارے بہن بھائیوں سے بہت بہتر اور ایک دوسرے سے زیادہ محبت کرنے والے ہیں، ایک دوسرے کو دیکھ کر ہمیں رشتے کی اہمیت اور سامنے والے کے احساس کا اندازہ ہوتا ہے۔ چھوٹے سے کمرے میں ایک ساتھ رہنے کا فائدہ یہ ہوا کہ مادھوری کے بیٹے اب یہ سمجھتے ہیں کہ اس عادت اور طرز زندگی کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کے قریب ہیں۔

شوہر سے بے پناہ محبت تھی لیکن تشدد برداشت نہیں کر سکی، اداکارہ جگن

محبت ایک طاقتور جذبہ ہے لیکن کسی بھی رشتے میں تشدد اور ظلم کو برداشت نہیں کیا جاسکتا، اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) معروف اداکارہ جگن کاظم نے نجی ٹی وی کے نائٹ شو میں اپنی ذاتی زندگی کے حوالے سے حیرت انگیز انکشافات کیے ہیں۔ انہوں نے محبت کے موضوع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اپنے سابق شوہر سے بے پناہ محبت تھی لیکن تشدد کو برداشت نہیں کر سکیں اور علیحدگی کا فیصلہ کیا۔ اداکارہ نے محبت کو یک طرفہ جذبات سے تعبیر کرتے ہوئے کہا اور بچے کے رشتے کی مثال محبت یک طرفہ ہوتی ہے۔ بچے کی پیدائش سے ہی ماں اپنی اولاد سے محبت کرتی ہے، چاہے اولاد نافرمان ہی کیوں نہ ہو، ماں اپنی محبت کرنا نہیں چھوڑتی۔ جگن کاظم نے اپنی بات چیت میں واضح کیا کہ محبت ایک طاقتور جذبہ ہے لیکن کسی بھی رشتے میں تشدد اور ظلم کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ اداکارہ کے انکشافات نے ان کے مداحوں کو ایک مضبوط

سیف علی خان حملہ کیس میں حیران کن انکشاف، فنگر پرنٹس سے معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکار سیف علی خان حملہ کیس میں حیران کن انکشاف ہوا ہے اور فنگر پرنٹس کی وجہ سے معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سیف علی خان کی رہائش گاہ سے حاصل کیے جانے والے فنگر پرنٹس کے نمونے مبینہ طور پر حملے میں ملوث بنگلہ دیشی شخص محمد شریف الاسلام شہزاد کے فنگر پرنٹس سے میچ نہیں ہوئے، اس سلسلے میں بھارتی پولیس کی جانب سے سیف علی خان کے گھر اور چاقو پر نشانات کے نمونے لیے گئے، ممبئی پولیس نے اداکار کی رہائشگاہ سے فنگر پرنٹس کے 19 نمونے حاصل کیے، اسی دوران ملزم شریف الاسلام شہزاد کے فنگر پرنٹس بھی لیے گئے لیکن فنگر پرنٹس کے نتائج کے سبب پورا کیس نیا رخ اختیار کر گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ممبئی پولیس نے سیف علی خان کے گھر سے ملنے والے فنگر پرنٹس کو ریاستی کرمنل انویسٹی گیشن ڈپارٹمنٹ (سی آئی ڈی) کے فنگر پرنٹ بیورو بھیجا، تاہم سسٹم سے تیار ہیں، سی آئی ڈی نے ممبئی پولیس کو فنگر پرنٹس کے حتمی کے گھر میں گھس آیا، جس کے خلاف مزاحمت کرنے پر اس نے سیف علی خان پر چاقو سے وار کیے، جس کی وجہ سے اداکار کو 6 زخم آئے جن میں سے ایک

آر مادھون نے عامر خان کی دلچسپ عادت پر تبصرہ کر دیا

یہ سچ ہے کہ میں پیسے خرچ کرنے میں بہت محتاط نہیں ہوں لیکن ہمیشہ وسائل کے اندر رہتا ہوں

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ فلم تھری ایڈیٹس میں عامر خان کے ساتھی اداکار آر مادھون نے سپر اسٹار کی دلچسپ عادت پر تبصرہ کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق آر مادھون نے عامر خان کے ساتھ 2009 میں ریلیز ہونے والی تھری ایڈیٹس میں مرکزی کردار نبھایا تھا۔ انہوں نے تقریبا 15 سال بعد ایک انٹرویو میں عامر خان کی دلچسپ عادت سے متعلق گفتگو کی اور کہا کہ میں خود اتنا انتہا پسند نہیں ہوں۔ بالی ووڈ سپر اسٹار کے بغیر معاملے میں محتاط نہیں ہوں لیکن ہمیشہ اپنے وسائل کے اندر رہتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں کبھی بٹوے کے بغیر سفر کرنا پسند نہیں کروں گا، عامر خان اسٹار ہیں، وہ ایسے ہیں، ان کے پاس لوگ ہیں، جو ان کی جگہ ادائیگی کرتے ہیں۔ آر مادھون نے یہ بھی کہا کہ میری شخصیت مجھے کسی لوگوں کو ساتھ لے کر چلنے کی اجازت نہیں دیتی، میں اکیلے چلنے کو ترجیح دیتا ہوں۔ اداکار نے کہا کہ یہ سچ ہے کہ میں پیسے خرچ کرنے میں بہت محتاط نہیں ہوں لیکن ہمیشہ وسائل کے اندر رہتا ہوں۔

اداکارہ روحی بانو کی چھٹی برسی اتوار کو منائی گئی

اسلام آباد (شوبز رپورٹر) معروف اداکارہ روحی بانو کی چھٹی برسی 25 اتوار جنوری کو منائی گئی۔ روحی بانو 10 اگست 1951ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔ ان کا شمار پاکستان ٹیلی ویژن کے ابتدائی اداکاروں میں ہوتا تھا اور ایک وقت میں ٹی وی ڈرامہ اور روحی بانو لازم و ملزوم تھے۔ روحی بانو نے کرن کہانی، زرد گلاب، دروازہ، زیر زبر، دھند، سراب، قلعہ کہانی ہو، حیرت کدہ، پکی حویلی اور دیگر بے شمار کلاسک ڈراموں میں جاندار اداکاری اور یادگار کردار ادا کر کے مداحوں کے دل جیت لئے۔ انہوں نے منو بھائی، شوکت صدیقی، بانو قدسیہ، اشفاق احمد، حسینہ معین اور کے کرداروں کو اپنی بے مثال اور جاندار اداکاری سے اعلی سطح پر پہنچا دیا۔ روحی بانو نے انا ڈی، خدا اور محبت، تیرے میرے سپنے، نوکر، ضمیر، پہچان، سیاں انا ڈی، دشمن کی تلاش، دل ایک کھلونا، گونج اٹھی شہنائی، راستے کا پتھر، بڑا آدمی، آج کا انسان، پالکی، کائنات، زینت، کرن اور کلی، دلہن ایک رات کی، جزیرہ آدھا چہرہ اور ٹیپو سلطان سمیت بے شمار فلموں میں شاندار اداکاری کر کے مداحوں سے خوب داد سمیٹی۔ ان کی شاندار اداکاری کر گردگی کے اعتراف میں روحی بانو کو پی ٹی وی ایوارڈ، نگار ایوارڈ، گریجویٹ ایوارڈ اور تمغہ حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ وہ 25 جنوری 2019ء کو اس جہان فانی سے رخصت ہو گئیں۔ ان کی برسی کے

شاہ رخ خان کو منت کے معاملے پر 9 کروڑ روپے واپس ملنے کا امکان

شاہ رخ اور گوری نے 2019 میں حکومت کی پالیسی کے تحت اس زمین کی مکمل ملکیت

ممبئی (شوبز ڈیسک) مہاراشٹر حکومت بالی ووڈ اداکار شاہ رخ خان اور ان کی اہلیہ گوری خان کی جانب سے 9 کروڑ روپے کی واپسی کے مطالبے پر غور کر رہی ہے۔ یہ رقم ممبئی کے بینڈ اسٹینڈ، باندرہ ویسٹ میں واقع ان کے مشہور گھر منت کی زمین پر زمین کی مکمل ملکیت حاصل کرنے کیلئے 27.50 کروڑ روپے ادا کیے تھے تاہم بعد میں معلوم ہوا کہ حکومتی افسران نے زمین کی مالیت کے بجائے بنگلے کی کل قیمت کو بنیاد بنا کر اضافی رقم وصول کی تھی جو ایک غیر ارادی غلطی قرار دی گئی۔ ستمبر 2022 میں گوری خان نے ممبئی سب اربن ڈسٹرکٹ کے کلیکٹر کو اس اضافی ادائیگی کے سلسلے میں درخواست دی تھی جس کے بعد یہ کیس مہاراشٹر حکومت کو حتمی منظوری کیلئے بھیجا گیا۔ ذرائع کے مطابق اگر حکومت اس مطالبے کو منظور کر لیتی ہے، تو شاہ رخ اور گوری خان کو 9 کروڑ روپے کی واپسی کی جائے گی۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) اظہر کیانی نے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کے ہمراہ پیر اغیب کے مقام پر قائم ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا

اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے انہیں جہلم شہر کے سیوریج سسٹم کے مسائل اور ان کے حل کے لیے بنائے گئے ماسٹر پلان کے بارے تفصیلی بریفنگ دی



جہلم (بیورو رپورٹ) مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) اظہر کیانی نے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کے ہمراہ پیر اغیب کے مقام پر قائم ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے انہیں جہلم شہر کے سیوریج سسٹم کے مسائل اور ان کے حل کے لیے بنائے گئے ماسٹر پلان کے بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جنرل (ر) اظہر کیانی نے کہا کہ جہلم شہر کا سب سے بڑا مسئلہ سیوریج سسٹم کا ہے، جو روزمرہ حالات میں 24 گھنٹے کام کرنا چاہیے تاکہ گندے پانی کی مکمل نکاسی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بارش کے دنوں میں نالوں کی بندش کے باعث پانی کی نکاسی رک جاتی ہے، جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مشیر صحت نے بتایا کہ اس اہم مسئلے کے مستقل حل کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کیا جا رہا ہے جو آئندہ پچاس سال تک کے سیوریج کے مسائل کا تدارک کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل نہ صرف سیوریج سسٹم کو بہتر بنائے گی بلکہ گندے پانی کی وجہ سے پھیلنے والی بیماریوں پر بھی قابو پایا جا سکے گا۔ مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) اظہر کیانی نے مزید کہا کہ نئے آباد ہونے والے علاقوں کو بھی اس منصوبے میں شامل کیا جا رہا ہے تاکہ مستقبل میں کسی قسم کی مشکلات پیدا نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی لاگت کا تخمینہ لگانے کے بعد اسے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے سامنے پیش کیا جائے گا تاکہ اس پر عملدرآمد کے لیے ضروری وسائل فراہم کیے جا سکیں۔

ملک عبدالوحید کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: طاہر مجید کپور

انکی فقید المثال کامیابی عوامی خدمت کا ثبوت ہے۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ملک عبدالوحید کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ طاہر مجید کپور۔ انکی فقید المثال کامیابی عوامی خدمت کا ثبوت ہے۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ۔ ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ ملک عبدالوحید تاجر رہنمائی سوشل ویلفیئر سروسز سوسائٹی کے انتخابات میں کامیابی پر چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور و تمام تنظیم کیجانب سے مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر ٹریڈرز ایسوسی ایشن کینٹ سیالکوٹ عہدیداران و جملہ ممبران کا کہنا تھا کہ جنرل سیکریٹری وحید احمد ملک کو سوشل ویلفیئر سروسز سوسائٹی کا الیکشن بھاری اکثریت سے جیتنے پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ کامیابی ان کی قیادت اور عوام کی خدمت کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

مہوش سلطانہ راجہ کی بطور جنرل سیکرٹری تقرری پر مبارکباد



چوآیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ممتاز ماہر تعلیم مانٹر لیبر مڈل سکول پڈھ باسط علی صحرائی نے ممبر پنجاب اسمبلی مہوش سلطانہ راجہ سے ان کی رہائش گاہ سلطان ہاؤس پر خصوصی ملاقات کی جہاں انہوں نے مہوش سلطانہ راجہ کی بطور جنرل سیکرٹری ویمن پارلمنٹری کاکس تقرری پر انہیں مبارکباد پیش کر کے نیک خواہشات کا اظہار کیا، باسط علی صحرائی نے مہوش سلطانہ راجہ کا پیر پتھک تا سٹہ ہائڈی روڈ منظور کروانے پر شکریہ بھی ادا کیا، اس موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی مہوش سلطانہ راجہ نے انہیں یونین کونسل آڑہ بلخصوص سڑھانڈی گاؤں کے ترقیاتی کام ترجیح بنیادوں پر مکمل کروانے کی یقین دھانی بھی کروائی۔

حکومت کے ساتھ شہریوں کی مشغولیت اور بلدیاتی نظام کا کردار واہمیت'' کے عنوان سے ایک پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) سی پی ڈی آئی کے زیر اہتمام جھنگ میں بلدیاتی نظام اور شہریوں کی شمولیت پر پینل ڈسکشن سی پی ڈی آئی نے جھنگ میں ''حکومت کے ساتھ شہریوں کی مشغولیت اور بلدیاتی نظام کا کردار واہمیت'' کے عنوان سے ایک پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا۔ اس نشست میں مختلف سیاسی جماعتوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو ایک موثر بلدیاتی نظام کی اہمیت پر تبادلہ خیال کے لیے مدعو کیا گیا۔ اس سیشن کا مقصد عوامی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا اور حکمرانی میں شہریوں کی بھرپور شراکت کو یقینی بنانا تھا۔ تقریب میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے شہباز احمد گجر ایڈووکیٹ، پریس کلب جھنگ کے سیکرٹری خرم سعید، پاکستان تحریک انصاف کے ملک زاہد حسین، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے خنور محمد علی، ڈسٹرکٹ بار جھنگ کے سیکرٹری احمد شیر بھروانہ، یونیورسٹی آف جھنگ سے ڈاکٹر امجد رحمان سمیت سول سوسائٹی کے نمائندے اظہر عباس عادل نے شرکت کی۔

للیانی پریس کلب کے ممبر ناصر انصاری کی والدہ دوران عمرہ مدینہ منورہ میں وفات پا گئیں

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) للیانی پریس کلب کے ممبر ناصر انصاری کی والدہ دوران عمرہ مدینہ منورہ میں وفات پا گئیں۔ ان کی وفات پر للیانی پریس کلب کا تعزیتی اجلاس صدر حافظ نعمان چوہدری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ناصر انصاری کی والدہ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا اور ان کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اجلاس میں بات کرتے ہوئے صدر حافظ نعمان چوہدری نے کہا کہ ماؤں کا بچھڑ جانا یقیناً بہت بڑا صدمہ ہے اور اس غم کی گھڑی میں ہم اپنے بھائی کے ساتھ شریک غم ہیں۔ اور ماں جی کے درجات کی بلندی کے ساتھ ساتھ ان کی خوش نصیبی پر رشک بھی ہے کہ موت تو آنی ہی ہے مگر مدینے میں موت کا آجانا خوش نصیبی کی انتہا ہے۔ اجلاس میں چیئرمین میاں شہزاد احمد، کامران طور، اشرف بھٹی، آصف نمبردار، حاجی شفقت باری، مہر عباس امانت، ساجد پپو، حمید قصوری، حاجی ریاض، عاشق حسین، آصف ناجی، اسامہ اسلم، مہر بابر، اویس عطاری، شفیق عطاری، لیگل ایڈوائزر عمیر جٹھول ایڈووکیٹ، راؤ اسلم، فیصل خاں، آکاش امانت، حافظ عمر فاروق، نعیم سلفی، میاں شہباز، حماد سندھو، حاجی جاوید زوم پٹرولیم نے شرکت کی اور ماں جی مغفرت کیلئے خصوصی دعائی۔

انجمن طلباء اسلام کے سینئر راہنماؤں محمد شاذب چٹھہ، ملک منیب اعوان کی مرکزی صدر انجمن طلباء اسلام پاکستان محمد مبشر حسین حسینی کے ساتھ ملاقات

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) انجمن طلباء اسلام کے سینئر راہنماؤں محمد شاذب چٹھہ، ملک منیب اعوان کی مرکزی صدر انجمن طلباء اسلام پاکستان محمد مبشر حسین حسینی آج 57 سال مکمل کرنے کیلئے بے پناہ قربانیاں دینا پڑیں، اس موقع پر مرکزی صدر انجمن طلباء اسلام پاکستان محمد مبشر حسین حسینی کا کہنا تھا کہ جو مشن نوجوانوں



کے دلوں میں عشق مصطفیٰ کی شمع کو فروزاں کرنے کا لے کر انجمن تاجران کا قافلہ چلا تھا آج بھی اس پر عمل پیرا ہو کر پاکستان بھر کے تعلیمی اداروں اور گلی کوچوں میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، محمد مبشر حسین حسینی نے پاکستان مبشر حسین حسینی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 20 57 ویں یوم تشکیل انجمن طلباء اسلام کے موقع پر تمام رفقائ، ذمہ داران اور کارکنان کو مبارکباد بھی پیش کی۔

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کی ننکانہ صاحب میں رنگارنگ افتتاحی تقریب



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کی ننکانہ صاحب میں رنگارنگ افتتاحی تقریب۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر چھوٹے شہروں اور دیہاتوں میں صفائی کا ماڈل نظام متعارف کروا دیا گیا، ننکانہ صاحب میں ستھرا پنجاب مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ، ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار، ممبر صوبائی اسمبلی رانا محمد ارشد بطور مہمان خصوصی شریک تھے۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین، چیئرمین میاں ملک بلال ذوالفقار کھوکھر نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ضلعی افسران صدر بار رائے عابد حسین کھرل، میڈیا نمائندگان سمیت دیگر سیاسی و سماجی رہنماؤں کی بڑی تعداد تقریب میں شریک تھی۔ تقریب میں شریک مہمانوں نے سینئری ورکرز سے خصوصی ملاقات کی اور ایل ڈبلیو ایم سی کی مشینری کا تفصیلی معائنہ بھی کیا۔

فلسطین، اسرائیل جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں، چوہدری مستقیم مہار

جنگ بندی کا فیصلہ دونوں ممالک کے مفاد میں ہے، رہنما پی ٹی آئی کا خصوصی بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے اسرائیل اور حماس کے درمیان فلسطین غزہ میں جنگ بندی کے اعلان اور قیدیوں کی پر امن طریقے سے واپسی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ خبر تمام امت مسلمہ کیلئے خوشخبری اور سکون کا باعث ہے کیونکہ جنگ میں اب تک لاکھوں افراد متاثر ہوئے ہیں ہزاروں بے گناہ اور معصوم شہری شہید ہو چکے ہیں، جنگ بندی مزید خون ریزی سے غزہ بچ جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ جنگ بندی کا فیصلہ دونوں ممالک کے مفاد میں ہے پاکستانی قوم فلسطین غزہ میں جنگ بندی پر مسرت کا اظہار کرتی ہے، انہوں نے کہا کہ فلسطین کے مسئلہ کا حقیقی حل ایک آزاد خود مختار فلسطینی ریاست کا قیام ہے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی دور کرنے اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے صلح اور امن و امان قائم کرنے میں اپنا اہم اور موثر کردار ادا کیا۔

حافظ آباد شہر میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی کا کام تیزی سے جاری

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد شہر میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی کا کام تیزی سے جاری ہے اور کوڑے کرکٹ کے تمام ڈھیروں کو بروقت اٹھا کر گلی محلوں کی صفائی ستھرائی کی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ملک آفاق سینٹری انسپیکٹر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شہر کی صفائی ستھرائی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے جبکہ فلحتہ ڈپوز پر کنٹینر زرکھ دیئے گئے ہیں۔ دوسری جانب گلی محلوں کی نالیوں کی صفائی ستھرائی کا کام بھی روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے اور دن بدن اس میں بہتری لائی جا رہی ہے۔

ظفروال حلقہ کے عوام یکساں لائقِ احترام ہیں مگر میرٹ پہلی ترجیح ہے: احمد اقبال

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:- چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی چوہدری احمد اقبال نے اپنی ایک گفتگو میں بات چیت کے دوران بتایا ہے کہ ظفروال میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کے سلسلے میں شہریوں نے میرے ساتھ ایک ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ اس ملاقات میں یہ نہیں کہا تھا کہ تجاوزات کے خلاف کام نہیں ہونے دوں گا بلکہ میں نے کہا تھا کہ زیادتی کسی کے ساتھ نہیں ہونے دوں گا۔ چوہدری احمد اقبال نے کہا کہ سارا حلقہ میرا حلقہ ہے۔ تمام لوگ یکساں لائق تحسین ہیں، یکساں لائق احترام ہیں۔ میرے پاس جو بھی آئے گا اس کی عزت و احترام مجھ پر فرض ہے اور ان کے مسائل بھی ترجیحاً حل کراؤں گا لیکن میرٹ سب سے پہلی ترجیح ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے مجھے ووٹ دیا اور وہ جنہوں نے نہیں دیا سب میرے ہی لوگ ہیں۔ تجاوزات پر ایکشن کلین کلین اپ کے سلسلہ میں کچھ دوستوں نے میرے ساتھ جو ملاقات کی کچھ افراد اس کو غلط رنگ دے کر شہر اور حلقے میں بدمزگی اور شر پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن حقائق کا تو سب کو علم ہے۔

وزیر اعلی پنجاب کی کرپشن زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت ڈی سی اوکاڑہ ان ایکشن محمد ابوبکر جونئر کلرک انٹی کرپشن کی زد میں آ گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیر اعلی پنجاب کی کرپشن زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت ڈی سی اوکاڑہ ان ایکشن محمد ابوبکر جونئر کلرک انٹی کرپشن کی زد میں آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلحہ لائسنس برانچ میں تعینات محمد ابوبکر جونئر کلرک نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا۔ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید نے وزیر اعلی پنجاب کی کرپشن زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت محمد ابو بکر جونئر کلرک کی سرگرمیوں کا نوٹس۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جی) کو انکوائری کا حکم دیا۔ ابتدائی تفتیش کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ ابوبکر اسلحہ لائسنس برانچ ڈی سی آفس اوکاڑہ میں تعینات ہونے کے دوران وراثت کی بنیاد پر اسلحہ لائسنس کی منتقلی کے اجازت نامے کے اجراء اور سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جمیل حیدر شاہ کے جعلی دستخطوں کے ساتھ دیگر آرڈر میں ملوث پایا گیا۔ اور موجودہ ایڈیشنل کمشنر محمد عمر طیب جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ پیش نظر چونکہ ملزم محمد ابوبکر جونیئر کلرک۔ ڈی سی آفس اوکاڑہ نے ایک مجرمانہ جرم کا ارتکاب کیا ہے

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حافظ آباد کی جانب سے ڈسٹرکٹ جیل میں ہیپاٹائٹس اور ایڈز سے بچاؤ کے حوالہ سے حفاظتی و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حافظ آباد کی جانب سے ڈسٹرکٹ جیل میں ہیپاٹائٹس اور ایڈز سے بچاؤ کے حوالہ سے حفاظتی و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر عاطف علی، جیل سپرنٹنڈنٹ کامران، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ثنار احمد نے جیل اسیران کو ہیپاٹائٹس اور ایڈز سے بچاؤ کے حوالہ سے آگاہی وشعور فراہم کیا۔ آگاہی سیمینار و سیشن کے دوران قیدیوں کو ہیپاٹائٹس اور ایڈز جیسے خطرناک مرض سے بچاؤ کے حوالہ سے حفاظتی و احتیاطی تدابیر فرام کی گئی۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر عاطف علی کا کہنا تھا کہ



احتیاطی اقدامات پر عمل کرنے بارے آگاہی دی۔ محکمہ بہبود آبادی ضلع بھر میں زچہ و بچہ اور عوام کے علاج معالجہ کے لیے خصوصی کیمپس کا اہتمام کیا جاتا ہے اور اسی سلسلہ میں ڈسٹرکٹ جیل کے قیدیوں کی بہتر صحت کے حوالہ سے بھی خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور قیدیوں میں ان خطرناک اور مہلک امراض سے بچاؤ کے لیے خصوصی آگاہی و احتیاطی تدابیر فرام کی گئی ہیں

جنگ بندی امن معاہدہ فلسطینیوں کی نشل کشی روکنے کی پہلی امید ہے، چوہدری عادل پرویز

فلسطینی عوام نے جو جنگ کے دوران جو قربانیاں دی ہیں اسکی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی، گفتگو



سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی حلقہ پی پی 105 کے ٹکٹ ہولڈر سابق MPA و پارلیمانی سیکرٹری پنجاب ضلعی صدر فیصل آباد چوہدری عادل پرویز سلطان بگر نے کہا ہے کہ مظلوم فلسطینیوں کیلئے یہ روشنی کی پہلی کرن ہے کہ 15 ماہ سے زائد عرصہ جنگ رہنے کے بعد جنگ بندی امن معاہدہ فلسطینیوں کی نشل کشی روکنے کی پہلی امید ہے، اسرائیل اور فلسطینیوں کے درمیان جنگ بندی کے بعد مشرق وسطی کا چہرہ بدل گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تمام عالم اسلام غزہ کے مظلوم فلسطینیوں کو خراج تحسین اور سلام پیش کرتے ہیں، غزہ میں معصوم فلسطینی مرد اور خواتین نے جو قربانیاں دی ہیں اس کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کا استعمال کرنیوالے ظالم اسرائیل کے ہاتھ پچاس ہزار سے زائد مظلوموں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، فلسطین کے غیور نہتے مظلوم عوام نے اسرائیل کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا

جامعہ عثمانیہ گولچوک مسجد اوکاڑہ کے زیر انتظام شعبہ تحفیظ کے امتحانات کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) جامعہ عثمانیہ گولچوک مسجد اوکاڑہ میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر انتظام شعبہ تحفیظ کے امتحانات کا انعقاد، پاکستان بھچھیں میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے الحاق پچیس ہزار مدارس میں چالیس لاکھ طلبہ زیر تعلیم ہیں، امتحانی سنٹر جامعہ عثمانیہ گولچوک مسجد اوکاڑہ میں دو سو طلبہ کے لیے چھ ممتحن نے فرائض سرانجام دیے، ممتحن اعلیٰ مہتمم جامعہ عثمانیہ گولچوک اوکاڑہ قاری سعید احمد عثمانی تھے جبکہ بیت الصالحات جامعہ محمودیہ عربیہ عیدگاہ اوکاڑہ میں قائم سنٹر میں ستر طالبات نے امتحان دیا، پاکستان بھر میں ایک لاکھ بارہ ہزار آٹھ سو چھ طلبہ نے امتحان دے رہیں، جبکہ شعبہ کتب کے پانچ لاکھ سترہ ہزار چار سو چالیس طلبہ اگلے مرحلہ میں امتحان دیں گے



پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات کے ڈیلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی چرس برآمد کر لی

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات کے ڈیلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی چرس برآمد کر لی، پولیس کو اطلاع ملی کہ سابق ریکارڈ یافتہ منشیات فروش ملک شکیل اسٹیڈیم صوا کے قریب منشیات کی ترسیل کرنے آرہا ہے، فوری ریڈ کرنے پر پکڑا جاسکتا ہے، پولیس نفری نے مذکورہ جگہ بروقت خفیہ ناکہ بندی کر کے ملزم کو پکڑ لیا اور اُس کے قبضہ سے 10 کلو چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا، پولیس ترجمان کے مطابق ملزم شہر کے مختلف علاقوں میں منشیات کی سپلائی کرتا تھا۔

کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام اسلامیہ کالج میں ماک ایکسرسائز کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام اسلامیہ کالج میں ماک ایکسرسائز کا انعقاد ماک ایکسرسائز میں پولیس، ایمبولینس فورس، ریسکیو 1122، بم ڈسپوزل سکواڈ، فیشن برانچ و دیگر اداروں کی شرکت ماک ایکسرسائز کے دوران دہشت گردوں کے حملے کی فرضی منظر کشی کی گئیں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ماک ایکسرسائز کا اہتمام کیا گیا ہے، ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ماک ایکسرسائز کے دوران مختلف اداروں کی کارکردگی چیک کی گئی

شرقپور کے نواحی گاؤں برکت پورہ سٹاپ پر ڈکیتی کی واردات

شرقپور شریف (محمد خضر حیات راجپوت) شرقپور کے نواحی گاؤں برکت پورہ سٹاپ پر ڈکیتی کی واردات۔ شرقپور شریف، دوران ڈکیتی 8 لاکھ سے زائد کا نقصان، شرقپور شریف۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز عین کے رہائشی علی زین العابدین شرقپور شریف سے واپس اپنے گاؤں عین جا رہا تھا کے شرقپور کے نواحی گاؤں برکت پورہ کے قریب موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر علی زین العابدین کو روک کر اس سے نئی سلف سٹارٹ ہنڈا 125 موٹر سائیکل اور تین قیمتی موبائل فون چھین کر فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئی علی زین کے مطابق موٹر سائیکل اور موبائل فونز کی قیمت آٹھ لاکھ کے قریب بنتی ہے

نواحی علاقہ پیر گھرانہ میں رااٹھارہ سالہ نوجوان نے معاشی حالات سے دلبرداشتہ ہو کر سر میں فائر مار کر خودکشی کر لی

قصور (بیورو چیف) نواحی علاقہ پیر گھرانہ میں رااٹھارہ سالہ نوجوان نے معاشی حالات سے دلبرداشتہ ہو کر سر میں فائر مار کر خودکشی کر لی۔ عاطف ولد آصف نامی نوجوان کا دو روز قبل گاؤں میں کرکٹ کھیلتے جھگڑا ہوا تھا مقتول جھگڑے میں زخمی ہوا جسکو اس کے گھر والوں نے معاف کر دیا جسکا اسے رنج تھا عاطف نے اپنے سر میں فائر مارا جسے ہسپتال لیجایا گیا جہاں وی جانبر نا ہو سکا اور دم توڑ گیا۔

پریس کلب شیخوپورہ کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری کی تقریب پریس کلب کے ڈاکٹر عبدالقدیر ہال میں منعقد ہوئی



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری کی تقریب پریس کلب کے ڈاکٹر عبدالقدیر ہال میں منعقد ہوئی جس میں پی ایف یو جے کے مرکزی سیکرٹری جنرل رانا محمد عظیم نے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لیا جن میں صدر مبشر حسین بٹ، سینئر نائب صدر یوسف سعید کھوکھر، نائب صدر میاں شاہد اسلم جاندھری، جنرل سیکرٹری فاروق ملک، جوائنٹ سیکرٹری میاں یاسر ندیم، فنانس سیکرٹری میاں ظہور احمد، انفارمیشن سیکرٹری غلام عباس گل اور آفس سیکرٹری فرالدین شامل ہیں تقریب میں صوبائی وزیر ہیبت المال سہیل شوکت بٹ کے بھائی اسرار احمد بٹ، جے یو آئی ف کے مرکزی رہنما بلال میر، ایس پی انویسٹی گیشن رانا غلام عباس، سردار سرفراز احمد ڈوگر ایم پی اے، چیئرمین سپریم کونسل امجد نذیر بٹ، سینئر وائس چیئرمین الحاج ملک محمد بوٹا، وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی، صدر ڈسٹرکٹ بار چوہدری امجد علی گوئے راہ، جنرل سیکرٹری بار شمس حسن بھٹی، پی ٹی آئی کے سٹی صدر میاں افضال حیدر، سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز، پیپلز پارٹی کے سابق ضلعی صدر محمد آصف خان، جے یو آئی ف شیخوپورہ کے صدر حافظ عبدالرؤف بٹ، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے حافظ محمد قیم شیخوپوری، سابق صدر بار رانا زاہد محمود خاں، مرکزی مسلم لیگ کے رہنما چوہدری شہزاد علی ورک و دیگر مہمانوں اور معزز اراکین پریس کلب نے شرکت کی

جرم وسزا



دکھی اور بے سہارا انسانوں کی خدمت و مدد کے جذبہ سے سرشار پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا ریجن لاہور ہمہ وقت برسرِ پیکار



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) دکھی اور بے سہارا انسانوں کی خدمت و مدد کے جذبہ سے سرشار پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا ریجن لاہور ہمہ وقت برسرِ پیکار۔ ماؤں سے بچھڑے دو ننھے لختِ جگروں کو تلاش کر کے گھر پہنچا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرولنگ پولیس پوسٹ چک بھومن شاہ سے سب انسپکٹر غلام رسول اور انکی ٹیم نے دوران گشت دربار جندے شاہ کے مقام سے راستہ بھٹکے 04 سالہ بچے کو حفاظتی تحویل میں لے لیا جبکہ پیٹرولنگ پولیس پوسٹ چکسنہرے 48 تھری آر سے دوران گشت اسسٹنٹ سب انسپکٹر اکرام ربانی نے ہمراہ ٹیم نہر امل۔ بی۔ ڈی سی پل کے مقام سے بے یارومددگار بیٹھے 10 سالہ بچے کو سیف کسٹڈی میں لیتے ہوئے پیٹرولنگ چوکی منتقل کر دیا۔ پیٹرولنگ پولیس ٹیموں نے انتہائی جانفشانی اور جذبہ خیر سگالی کے تحت پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جدید ذرائع ابلاغ کے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بچوں کے حقیقی وارثان کا سراغ لگانے میں کامیاب ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق 04 سالہ ننھا علی چک بھومن شاہ دیپالپور اور 10 سالہ ننھا مصطفیٰ چک نورشاہ ساہیوال سے لاپتہ تھے۔ پیٹرولنگ پولیس آفیسران نے دونوں گمشدہ بچوں کو بعد تصدیق معززین دیہہ کی موجودگی میں حقیقی والدین کے سپرد کر دیا۔

جہلم شہر اور گردونواح میں کیمیکل ملے دودھ کی سپلائی کا دھندہ عروج پر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں کیمیکل ملے دودھ کی سپلائی کا دھندہ عروج پر روزانہ کی بنیاد پر ٹینکرز گاڑیوں کے ذریعے دودھ شہر میں سپلائی کیا جا رہا ہے جبکہ بڑے بڑے ڈبوں والی گاڑیاں دودھ سے بھری شہر میں داخل ہوتی ہیں اگر صرف تحصیل جہلم میں بھینسوں اور گائے کا دودھ اکٹھا کیا جائے تو شاید بمشکل دو سے تین گاڑیاں بھی نہ بھری جا سکیں مگر روزانہ کی بنیاد پر جس طرح جہلم کے شہریوں کی رگوں میں دودھ کے نام پر زہر بھرا جا رہا ہے وہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی پر گہرا سوالیہ نشان ہے شہر سمیت ملحقہ علاقوں میں کیمیکل ملے دودھ کی فروخت کا دھندہ عروج پر شہری مہنگائی کے باعث کیمیکل ملے دودھ کو خریدنے اور استعمال کرنے پر مجبور ہیں

ایمان کی دولت عظیم منافع بخش دولت ہے: مولانا قاری محمد رفیق

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایمان کی دولت عظیم منافع بخش دولت ہے اپنے ایمان کی حفاظت کریں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے سینکڑوں غریب گھرانوں ماہانہ راشن تقسیم خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے ماہانہ راشن تقسیم کی تقریب کا انعقاد غربا نومسلمین تحصیل میں اشیا خرد و نوش بیواؤں نقد وظائف تقسیم کیے گئے پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان مولانا قاری محمد رفیق لقمانی مولانا قاری منصور الحق مولانا محمد میاں آف لاہور نے کہا کہ محسن انسانیت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت پر غیر متزلزل ایمان لانے سے ایمان مکمل ہوتا ہے

شہر کے مصروف ترین روڈ گورو بازار میں واقع گلستان موبائل فون شاپ پر دن دیہاڑے ڈکیتی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شہر کے مصروف ترین روڈ گورو بازار میں واقع گلستان موبائل فون شاپ پر دن دیہاڑے ڈکیتی، ڈاکو تقریباً دس لاکھ کے آئی فون لے اڑے تفصیلات کے مطابق شہر کے معروف علاقے میں واقع گلستان موبائل فون شاپ پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی ایک سنگین واردات پیش آئی۔ دوکان دار کا کہنا تھا کہ دو مسلح ڈاکو صبح تقریباً گیارہ بج کر تیس منٹ کے وقت دکان میں داخل ہوئے اور اسلحے کے زور پر انتہائی منظم طریقے سے دکان کے شوکیسز سے قیمتی آئی فونز جن کی مالیت تقریباً دس لاکھ کے قریب ہے لے اڑے۔ واردات کے بعد ڈاکو با آسانی فرار ہو گئے۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور تحقیقات شروع کر دی ہیں دکاندار کا کہنا ہے کہ ڈاکوؤں کے پاس جدید اسلحہ تھا اور انہوں نے کسی کو نقصان پہنچائے بغیر واردات انجام دی، لیکن عملے کو شدید ذہنی دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ پولیس نے سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے ڈاکوؤں کی شناخت کرنے کی کوششیں شروع کر دی ہیں اور جلد ملزمان کی گرفتاری کا دعویٰ کیا ہے۔ شہری حلقوں میں بڑھ

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7) پیر 27 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹھلوک الغاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003

یقینی نمبر 1

نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر ڈائریکٹر جنرل ایمرجنسی ڈائریکٹر ریسکیو، ڈائریکٹر ہیومینٹ، ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز تمام ڈائریکٹرز نے ڈسٹرکٹ کنٹرول روم کے قیام کے لیے بھرپور تعاون کیا ہے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹر کے قیام کے لیے ہم نے ہوٹ خدمت پر یقین رکھتے ہوئے کام کیا ہے کہ ہم نے کیا کرنا ہے کہ صرف لاہور بلکہ پنجاب میں اس لیے صوبائی حکومت ہمارا مطالبہ ہے کہ زراعت پر خصوصی توجہ دی جائے، چھوٹے کسان کا بھلا تب ہوگا جائے، اس کے خرچوں پر یہ چیں، کسان کو کیا ہمارا ہے کہ کسی کو کیا ہمارا ہے کہ زراعت پر خصوصی توجہ دی جائے، چھوٹے کسان کا بھلا تب ہوگا جائے، اس کے خرچوں پر یہ چیں، کسان

تحفظ منزل فوسٹر ہوم ملک بھر میں اپنی نوعیت کا منفرد ڈویلپمنٹ پراجیکٹ ہے: آئی جی پنجاب

پنجاب پولیس کے پائلٹ پراجیکٹ "تحفظ منزل فوسٹر ہوم" کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر تحفظ منزل فوسٹر ہوم کی پہلی سالگرہ پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران اور اے ایس پی ماڈل ٹاؤن شہر یار نقوی سمیت دیگر افسران نے بھی شرکت کی



لاہور: پھول فروش مہندی کی رسم پر دلہے کی انٹری کیلئے موٹر سائیکل کو پھولوں سے سجا رہا ہے۔

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) بے سہارا بچوں کی رہائی، تحفظ اور کفالت کیلئے پنجاب پولیس کے پائلٹ پراجیکٹ "تحفظ منزل فوسٹر ہوم" کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر تحفظ منزل فوسٹر ہوم میں پہلی سالگرہ پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تحفظ منزل فوسٹر ہوم میں عارضی طور پر یتیم، بے گھر بچوں، منزل فوسٹر ہوم کی پہلی سالگرہ پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تحفظ منزل فوسٹر ہوم میں عارضی طور پر یتیم، بے گھر بچوں، بچیوں کو رکھا جاتا ہے جو کہ ایک سال مکمل ہونے پر تحفظ منزل فوسٹر ہوم کی کامیابی کا